مجھے مما اور دادو کی شدت سے یاد آنے لگی میں مما کے پاس چلی آئی۔ اور تڑپ کے مما کے قبر کی مٹی پہ سر رکھ دیا۔ مما بتاؤ نا میں کہاں جاؤں میں کس سے کہوں کہ میرے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ مجھے خود کو بچانے کا کوئی رستہ نہیں دِکھتا مماں۔ اگر میں ڈیڈ کی محبت میں شادی کر بھی لوں تو وہ عورت اور اُس کا بھائی ساری عمر میری عزت کی دھجیاں بکھیرتے رہینگے۔

احسان جتاتے رہینگے مما میں کیا کروں نا آپ ہیں نا دادو۔ میں کس سے کہوں کے مجھے بچالو۔

میں مما کی قبر سے لپٹی روتی رہی روتی رہی۔کہ مجھے یک دم خیال آیا۔ اور میں مما کو کہتی اُٹھ گئی شکریہ مما مجھے راستہ دکھانے کا۔

میں گھر پہنچتے پہنچتے فیصلہ کر چکی تھی۔گھر آتے ہی میں سیدھا ڈیڈ کے پاس چلی گئی۔ ڈیڈ میں شادی کے لیے تیار ہوں۔ ڈیڈ مجھے حیرت سے دیکھنے لگے نادیا سے خوشی چھپائے نہیں چھپ رہی تھی۔ اُسکی جیت کی چمک اُسکی آنکھوں میں دِکھ رہی تھی۔ میں نے آگے کہا۔

ڈیڈ میں شادی کی شاپنگ خود اپنی پسند سے کرونگی۔ ہر ایک چیز خود لونگی۔ ڈیڈ سے پہلے نادیا بولی ہاں ہاں کیوں نہیں خوب ساری شاپنگ کرو ۔ وہ کہتی ہوئی ڈیڈ کی طرف مڑی شاہ ڈارلنگ بے بی کے اکاؤنٹ میں پیسے ڈال دیں۔ ڈیڈ نے سر ہاں میں ہلا کر اپنا موبائل اٹھا لیا۔ میں سیدھا اپنے کمرے میں آگئی میں نے اپنی خالا کو کال ملائی۔

https://www.classicurdumaterial.com/

خالا آپ کہاں ہیں؟

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خالا نے جواب دیا۔

بیٹا میں تو گھومنے آئی ہوں میری لینڈ کیوں خیریت ہے نا۔

میں نے دوبارہ پوچھا آپکی واپسی کب ہے ؟

انھوں نے کہا بیٹا 20 دن ہوں یہاں ابھی۔ مگر کیوں ہوا کیا مجھے بتاؤ تو۔

میں نے مختصر کر کے اُنھیں سب بتادیا انھوں نے کہا تم دبئی چلی جاؤ۔

دبئی میں اُنکے بڑے بیٹے اور بہو رہتے تھے۔

جب کے وہ خود پیرس میں رہتی تھیں خالو جان کے ساتھ۔

میرے لیئے کھیں بھی جانا مشکل نہیں تھا کیونکہ میرے پاس گرین کارڈ بھی تھا اور میرے پاس تقریباً ہر ملک کا ویزہ تھا۔

میں نے اُنکے بیٹے دانش بھائ کو کال ملادی۔

انھوں نے مجھے کہا آجاؤ میں تمھارے ٹِکٹس کا انتظام کر دیتا ہوں۔

میں ماہم کے گھر گئ اسکے بھائی جو کے بینک میں تھے انکی مدد سے ایک دن میں دوسرا اکاؤنٹ کھلوا کر سارے پیسے اس نئے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کیے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ماہم کو لے کر مارکٹ گئ آرٹفیشل گولڈ جیسے بڑے بڑے سیٹ لیے اُن کو گولڈ جیسا پیک کروایا۔

اور کچھ سمپل سے کپڑے لے کر گھر آگئ۔ میرے آتے ہی نادیا نے ایک ایک شاپنگ دیکھی سیٹ دیکھتے ہی وہ خوش ہوگئ اور کہنے لگی یہ تو بہت بھاری لگ رہے۔ ایک ایک سامان دیکھتی کہنے لگی کپڑے بہت سمپل لائ ہو۔

چلو اب میں خود اچھے کپڑے لے آؤنگی۔

بدھ تک میں اپنا تمام کام کا سامان پیک کر کے ماہم کے گھر پہنچ چکی تھی۔
میری جمعرات کی فلائٹ تھی۔
اتنے میں نادیا چلی آئی ہاتھ میں بہت ساری شاپر لیے۔
مجھے ایک ایک بھڑکتے شوخ لشکارے مارتے کپڑے دکھانے لگی۔
بارات کا ڈریس دکھایا گولڈ کی جیولری نکال کر دکھانے لگی۔ سب مجھے دے کر چلی گئی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جمعرات کے دن میں نے تیار ہوکر ایک خط لکھا جس میں لکھ دیا ڈیڈ میں جا رہی ہوں اپنی مرضی سے اپنے ننھیال والوں کے پاس میری کسی دوست کو پوچھ گچھ کر کے تنگ مت کیجیے گا۔اللہ حافظ۔
لکھ کر میں نے وہ کاغز کارنر ٹیبل کے دراز میں رکھ دیا۔
آخری نظر اپنے کمرے پر ڈالی میری آنکھوں میں آنسو آگئے۔ میں نے ہینڈ بیگ میں اپنا موبائل اور جو بھی کیش اور چھوٹی موٹی جیولری تھی ڈال کر الماری بند کرنے لگی کہ مجھے وہ نادیا کا دیا سیٹ نظر آیا میں نے وہ بھی باکس سے نکال کر بیگ میں ڈال دیا۔ اور بیگ اُٹھا کمرہ بند کرتی نکل آئی۔

سیڑھیوں سے اترتے ہی مجھے نادیا اپنے بھائی کے ساتھ بیٹھی نظر آئی۔ مجھے وہ انسان جس فہاشت بھرے انداز میں دیکھ رہا تھا میرا دل کیا چپل اتار کے منہ لال کردوں۔

نادیا نے مجھے بیگ لٹکائے دیکھا تو پوچھنے لگی کہاں کی سواری ہے۔

میں نے مسکرا کر اسکو کہا مما میں نے پارلر میں اپوائنمنٹ لیا تھا آج سروسز کے لیے جارہی ہوں۔

وہ حیرت سے میرے مما کہنے پر خوش ہوتی کہنے لگی اپنے مسٹر رائٹ کے ساتھ چلی جاؤ۔

میں نے غصہ دباتے ہوے مسکرا کر کہا میں اپنی دوستوں کے ساتھ جا رہی ہوں اُنکو بھی سروسز لینی ہے۔اِن کے ساتھ توپھر روز ہی آنا جانا رہیگا۔

تو وہ کہنے لگی ہاں ہاں پھر جاؤ شاباش۔

میں ایک آخری نظر گھر پے ڈالتی باہر آگئ۔

ماہم نے مجھے پِک کیا وہ میرا پہلے سے تیار شدہ سوٹ کیس ساتھ لائی تھی۔

ہم ایرپورٹ آگئے۔ میری فلائٹ کی اناؤنسمینٹ ہوئی تو ماہم میرے گلے لگ کر رونے لگی میری بھی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اُس نے مجھسے کہا اپنا خیال رکھنا پہنچتے ہی مجھے بتانا۔ اور کبھی بھی کسی چیز کی ضرورت ہو مجھسے فوراً کہنا۔ بول کر اس نے اپنے بیگ سے ایک چھوٹاسا وائٹ انویلپ نکال کر مجھے دیا میں نے پوچھا یہ کیا ہے۔

تو کہنے لگی کچھ نہیں چھوٹا سا گفٹ ہے میں کھولنے لگی تو اسنے ہاتھ رکھ دیا اورکہنے لگی دبئی پہنچ کر کھولنا اسنے بولتے ہوئے وہ اینویلپ میرے ہینڈ کیری میں رکھ دیا۔

میں اس سے ملتی اندر چلی آئی۔

بوڈنگ اور باقی سب کروا کر جہاز پر جاتے میں نے ایک نظر شیشے کے پار کراچی کی مٹی کو دیکھا اور کہا مما اللہ حافظ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

میری آنکھ سے آنسوں کی چند بوندیں چھلک پڑیں۔

Support@classicurdumaterial.com

جہاز نے پرواز بھری تو میں نے سیٹ سے ٹیک لگاکر آنکھیں بند کردی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہمارے, واسطے تنگ ہوگئی تھیں صاحب۔۔

وہ گلیاں، وہ گھر، وہ شہر جہاں ہم نے بچپن گزارا تھا۔۔۔

شیراز ایم بی سی جانے کے لیے تیار ہی ہو رہا تھاکہ اُسکا موبائل بج اُٹھا دوسری طرف پرینا تھی۔

شیراز نے فون رسیو کیا۔

ہیلو۔۔

ہیلو شیراز میں پرینا بات کر رہی ہوں۔

شیراز نے جواب دیا۔۔

ہاں پہچان لیا میں نے بولو کیا کام ہے۔۔

وہ بولی۔۔

سیا کی ڈیتھ ہوگئی ہے۔

شیراز دو منٹ تک کچھ بول ہی نہ سکا۔

کیا بکواس کر رہی ہو ایسا کیسے ہو سکتا ہے۔

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ چیخ کر بولا۔۔

Support@classicurdumaterial.com

چار دن پہلے ہی اُسنے مجھ سے بات کی تھی وہ بلکل صحیح تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پرینا نے جواب دیا۔

مجھے خود ابھی ایک بندے سے پتہ چلا ہے کہ وہ مر چکی ہے اُسنے کسی بلِڈنگ سے کود کر اپنی جان دے دی۔

میں اِس سے زیادہ اور کچھ نہیں جانتی۔

شیراز نے مزید کوئی بات کیے بنا لائین کاٹ دی اور عامر کو کال ملا دی۔

عامر کا فون بند جا رہا تھا۔

وہ مستقل ایک کے بعد دوسری کال عامر کو مِلاتا رہا مگر اس کا موبائل سوئیچڑ اوف جارہاتھا۔

اُسکو دانیا کی ہر بات یاد آنے لگی۔ دانیا کو انگلینڈ گئے ڈھائی ماہ ہونے کو آئے تھے۔
وہ اب کال پر نہیں مگر اکثر ٹیکسٹ پر کونٹیکٹ کرلیا کرتی تھی۔
وہ جس شخص کے پاس تھی وہ شخص دانیا کو ہر تیسرے دن ایک نئے پروجیکٹ کا کام دے دیا کرتا تھا۔
وہ بات بات پر دانیا پرہاتھ بھی اُٹھاتا تھا۔دانیا کے اکثر ٹیکسٹ ٹوٹے پھوٹے آتے تھے جو اس بات کی طرف اشارہ کرتے تھے کہ وہ بہت تکلیف میں ہے یا وہ زخمی ہے اور اُس سے لکھا بھی نہیں جا رہا شیراز سمجھ جاتا تھا کہ دانیا کس حال میں ہے۔وہ سمجھ جاتا تھاکہ دانیا کو آج پھر مار پڑی ہے۔
زیادہ تر وہ دانیا کو کھانا بھی ڈھنگ سے نہیں دیتا تھا۔ اکثر دو دو دن بھوکا رکھتا تھا۔مگر وہ بتاتی شیراز کو تب تھی جب بھوک اورپیاس سے نڈھال ہوجاتی تھی تو کہدیتی شیراز دعا کرو کچھ کھانے کو مل جائے یا پانی ہی مل جائے ایسے ہر لمحے میں شیراز سے اُسکا درد برداشت نہیں ہوتا تھا۔ مگر وہ دانیا پر ظاہر نہیں ہونے دیتا بلکہ دانیا کو باتوں میں لگا دیتا تھا کہ اُسکا وقت گزر جائے وہ اپنے درد کو بھوک اورپیاس کو بھول جائے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جب سے اُس شخص کے پاس دانیا گئی تھی دانیا اُس ایک چھوٹے سے کمرے میں بند تھی اس کمرے میں نہ کوئی کھڑکی تھی نہ کوئی روشن دان کے جہاں سے روشنی اندر آسکے۔ اسکو اس بات کا بھی احساس نہیں ہوتا تھاکہ صبح کا وقت ہے یا رات کا۔

ایک عورت ہر وقت دانیا پر نظر رکھتی تھی۔

وہ شخص دانیا کو ہمیشہ زنجیروں سے باندھ کر رکھتا تھا۔ جیسے اُسے ڈر ہو کہ دانیا بھاگ جائیگی۔

دانیا اکثر شیراز کو اُکھڑی اُکھڑی بے زار سی لگتی تھی۔ جس پر وہ دانیا کو بہت پیار سے دِلاسے دیتا تھا کہ میں بہت جلد تمہیں آکر نکال کر لے جاؤنگا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

جب کے وہ خود عامر کو ہر روز دانیا کو نکالنے کا کہتا۔

Support@classicurdumaterial.com

جس پر عامر ہر بار کہہ دیتا اُسے اُس گھر سے نکالنا آسان نہیں ہے۔ دانیا کہیں زرا سی دیر کو بھی نکلی تو میں دانیا کو بھگا کر لیجاؤنگا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

ڈینِس دانیا کو کبھی نہ کبھی باہر ضرور نکالے گا۔

ہوٹل کا سائیڈ ایریا دِکھانے ہی صحیح وہ باہرنکالے گا ضرور کیونکہ وہ دانیا سے بہت سارے ہوٹل کے پروجیکٹ کی ڈیزائینگ کروا رہا ہے۔ اور ہر ڈیزائین وہ اپنے نام سے بیچ رہا ہے۔ تو مجبوراً کام کے لیے جس دن بھی وہ باہر لایا میں اسے نکال کرے جاؤنگا۔

شیراز کو دانیا کی باتیں یاد آنے لگی تھی وہ کتنی بے زاری بھرے لہجے میں کہتی تھی۔۔

شیراز میں اب تھک گئی ہوں اِس زندگی سے۔میرا دل چاہتا ہے میں اپنی جان دے دوں۔

میں کیا کروں شیراز مجھ میں مزید حوصلہ نہیں رہا برداشت کرنے کا۔

اور شیراز اسے ہر بار بہت ساری قسمیں دے کر روک لیا کرتا کہ کوئی بھی غلط قدم نہ اُٹھانا منزل دور نہیں ہے مجھ پر بھروسہ کرو بس تھوڑے دن اور برداشت کرنے کی کوشش کرو اپنے لیے نہیں میرے لیے۔

میں اپنی دانیا کو نکالونگا میری خاطر رُک جاؤ تھوڑا سہہ لو۔بس تھوڑا سا وقت دے دو مجھے۔

بس تھوڑے دن اور دے دو مجھے۔

جہاں اتنا سہہ لیا تم نے وہاں تھوڑا اور صحیح میں وعدہ کرتا ہوں تم بہت جلد آزاد ہوگی۔ میں آجاؤنگا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ خود کو کوس رہا تھا کہ وہ دانیا کے لیے کچھ بھی نہ کرسکا۔

کچھ گھنٹوں بعد موبائل بج اُٹھا۔ دوسری طرف عامر تھا۔ شیراز نے فون کان سے لگاتے ہی بے ساختہ کہا۔۔

عامر میری دانی۔۔ میری دانی۔۔۔ مجھے اُس کے پاس جانا ہے خدا کا واسطہ ہے مجھے دانی دے دو۔

وہ بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رورہا تھا۔ مُردہ ہی صحیح میں اسے اپنے ہاتھوں سے عزت کے ساتھ کفن میں لپیٹ کر قبر میں اُتار دونگا۔

وہ لوگ تو اُسے جانوروں کے آگے ڈال دینگے میں تمھارے آگے ہاتھ جوڑتا ہوں پاؤں پکڑتا ہوں مجھے دانیا لادو۔

میں زندگی میں اُسے عزت نہ دِلوا سکا مگر موت تو عزت والی دینے دو۔

میں کچھ بھی نہ کرسکا اُسکے لیے وہ تڑپتی رہی میں بے بسی سے دیکھتا رہا۔

میں جھوٹے دِلاسے جھوٹے وعدے کرتا رہا، آزادی کے خواب دِکھاتا رہا۔

ہر روز ٹوٹ جاتی تھی میری دانی میں ہر روز جوڑ کر اسے کھڑا کردیتا تھا۔

وہ کہتی رہی میں تھک گئی ہوں شیراز مگر میں اُسے زبردستی گھسیٹتا رہا۔ گھسیٹتا رہا۔۔۔ گھسیٹتا رہا۔

منزل کی خواہش میں۔۔۔۔۔۔ اور آج۔۔۔۔

آج اُسنے جان دے دی۔۔۔۔

میری دانی۔۔۔

میں ہار گیا میں اُسے کچھ بھی نہ دے سکا وہ مجھے چھوڑ گئی۔۔۔ وہ ٹوٹ کر رورہا تھا۔

عامر نے کہا۔۔۔۔

شیراز خاموش ہوجاؤ دانیا ذندہ ہے--

دانیا ذندہ ہے--- شیراز کے لب ہلے

ہاں زندہ ہے-

زندگی اور موت سے لڑ رہی تھی وینٹلیٹرپر تھی مگر اب خطرے سے باہر ہے-

اسکے بیک بون میں تین جگہ بہت گہرے زخم آئے ہیں ہڈی میں مائنر فریکچر ہے جو کہ بہت تکلیف دے ہے-

کافی دِنوں تک اِس سے اُٹھا بھی نہیں جائیگا-

جب کے ایک ٹانگ میں زخم ایسا ہے کہ-- وہ ادھوری بات بول کر خاموش ہوگیا-

شیراز نے بے چینی سے پوچھا کیسا زخم بولو بھی---؟؟؟؟

عامر نے کہا شاید یہ کبھی چل نہ پائے--

زخم ایسا ہے جیسے کسی تیز دھار والی چیز سے اسکے پیر کاٹنے کی کوشش کی گئی ہو-

شیراز کا دِل دانیا کی تکلیفیں سن کر ہی ڈوب رہا تھا-

عامر نے تسلی دیتے ہوئے کہا تم فکرمند نہ ہو--

فلحال ابھی بس ایک ڈاکٹر نے ہی اِسکی ٹانگ کا چیک اپ کیا ہے-

میں بہترین سے بہترین ڈاکٹر لے کر آؤنگا پھر دیکھتے ہیں وہ کیا کہتے ہیں-

دانیا کے جسم پر اور بھی بہت تشددت کے زخم ہیں-

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

شیراز نے کہا کیا اسکی عزت خراب کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو اسنے جان لیوا اقدم اٹھایا۔

عامر نے کہا عزت بچانے کے لیے ہی شاید اسنے چھلانگ لگائی تھی۔

فلحال دانیا ہسپتال میں ہی ہے اور میں اسکے ساتھ ہوں۔
ابھی تو سو رہی ہے۔
شیراز نے کہا میں آنا چاہتا ہوں میں کرونگا دانیا کی حفاظت۔۔
عامِر نے فوراً اسکی بات کاٹ کر کہا۔۔
باس سے میں نے دانیا کی زمیداری لے لی ہے جب تک دانیا بہتر نہیں ہوجاتی میرے پاس رہیگی۔ میں اسکی حفاظت کرونگا اور جیسے ہی کچھ بہتر ہوئی میں اِسکو بھگا کرلے جاونگا اس دنیا سے دور۔

شیراز نے چیخ کر کہا مجھے دانیا کے پاس آنا ہے اُسے میری ضرورت ہے۔ میں اسے سمبھال لونگا۔
خدا کا واسطہ ہے مجھے دانیا کے پاس پہنچادو۔ یہ جہاں بھی رہیگی میں اُسکے ساتھ رہونگا۔

عامر نے لائین کاٹ کر موبائل بند کردیا۔ شیراز اسے کال کرتا رہ گیا۔

* * *

دانیا کی آنکھ کھُلی اسنے چاروں جانب دیکھا وہ ہسپتال میں تھی۔ اسکی نظریں عامر سے ٹکرائیں تم یہاں؟ تم کیوں بار بار میرے پاس چلے آتے ہو۔مجھے تمھاری کوئی مدد نہیں چاہیے۔ وہ بولتے ہوئے اُٹھنے لگی اُسکو اپنا جسم مفلوج سا لگا ایک شدید درد کی لہر اسکی ریڑھ کی ہڈی میں دوڑگئی وہ تڑپ کر پکار اُٹھی۔۔۔ اللہ۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عامر تیزی سے بھاگتا دانیا کے پاس آیا لیٹی رہو اُٹھنا نہیں۔ دانیا نے اسکے ہاتھ جھٹک دیے ہاتھ نہیں لگانا مجھے۔

وہ تھوڑا پیچھے کو ہوگیا۔

دانیا نے تکلیف کی شدت سے آنکھیں بند کردی۔

عامر بھاگتا ہوا ڈاکٹر کو بُلا لایا۔

دانیا کو پین کلر اور نیند کے انجیکشن لگے تو وہ دوبارہ سوگئ۔

وہ اسکے قریب ہی کرسی کھینچ کر بیٹھ گیا۔

دانیا کے زخم دیکھتے ہوئے عامر کو ڈینِس پر شدید غصہ آرہا تھا۔ اسکا انجام تمہیں بہت جلد بھگتنا پڑیگا چھوڑونگا نہیں تمہیں۔ وہ سوچوں میں ڈینِس کو دھمکی دیتا رہا۔

اسکی نظریں دانیا کے پیر کے زخموں سے ہوتی ہوئی اسکے چہرے پر ٹِک گئی۔

دانیا کے بالوں کی چند لٹیں دانیا کے چہرے پر بکھری ہوئی تھیں جو بار بار اُڑ اُڑ کر دانیا کو نیند میں تنگ کر رہی تھیں۔ عامر نے آگے کو جھک کر اُسکے بالوں کو کان کے پیچھے کرناچاہا۔ عامر کا ہاتھ لگتے ہی دانیا نیند میں کسمسائی اور چہرہ گھما کر عامر کے ہاتھوں پر ٹِکا دیا۔ عامر کچھ دیر سانس روکے اسکے چہرے کی نرمائی میں کھو ساگیا۔

وہ چاہ کر بھی اپنا ہاتھ پیچھے نہ کر سکا۔ دانیا کی سانسوں کی گرمائیش اسکے ہاتھوں کو چھو رہی تھی۔

وہ دنیا جہاں بھلائے دانیا کو دیکھتا رہ گیا۔

دانیا نے نیند میں پکارا پانی۔ عامر نے گھبرا کر اپنا ہاتھ کھینچ لیا کہیں ایسا نہ ہو وہ اٹھ جائے اور دیکھ لے تو عامر کو پھر اپنے کمرے میں رہنے بھی نہیں دے گی۔

وہ تیزی سے اُس کے قریب سے اٹھ کھڑا ہوا جب دانیا نے دوبارہ پکارا پانی۔ عامر نے گلاس میں پانی بھرا دانیا کو آواز دی دانیا پانی پی لو۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

دانیا نے سوئی جاگی سی حالت میں آنکھیں کھولیں پانی کا گلاس پکڑ تے ہوئے اُٹھنے کی کوشش کی مگر وہ تکلیف سے ہِل بھی نہ سکی۔

عامر نے آگے بڑھ کر اسے سہارا دیا۔

دانیا اُسکے ہاتھ جھٹکتی رہ گئی مگر عامر نہ رُکا ہلکا سا دانیا کا سر اونچا کیا اور پانی کا گلاس اسے لبوں سے لگادیا۔

پانی پِلا کر اسنے دانیا کو لیٹایا اور خود کمرے سے باہر نکل گیا۔

وہ نہ خود پہ قابو رکھ پارہا تھا نہ اپنے جزبات پر۔

وہ سیدھا جائے نماز بچھا کر شکرانے کے نوافل پڑھنے کھڑا ہوگیا۔ دانیا کی زندگی کے لیے کتنی ہی دعائیں اسنے اللہ سے مانگ ڈالیں تھیں۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳
✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳
✳ ✳

ہیلو تمھارے ساتھ کیامسئلہ ہے تین دن سے تمہیں فون کر رہا ہوں تم میرا فون کیوں نہیں اُٹھاتے ہو۔۔

میری دانیا سے بات کرواؤ ابھی اور اسی وقت۔۔

عامر نے سکون سے جواب دیا وہ سو رہی ہے۔

شیراز نے غصے بھرے لہجے میں عامر سے کہا۔

تم جانتے ہی کیا ہو دانیا کو؟

کہاں سے آگئے ہو آخر کیوں دانیا کو تنگ کر رہے ہو؟

وہ ابھی مزید بھی کچھ کہتا عامر نے موبائل کان سے ہٹایا اور دانیا کی تصویر لے کر شیراز کو سینڈ کردی۔

واپس فون کان سے لگا کر کہا واٹس ایپ دیکھو اپنا۔

شیراز نے واٹس ایپ دیکھا تو سوئی ہوئی دانیا کی تصویر تھی۔ بہت کمزور سی۔ بہت سی مشینوں اور ڈرپس میں گ...

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا یہ سب تم جانتے ہو؟

وہاں بے شمار لڑکیاں تھیں مِشن میں پھر صرف دانیا کو ہی بیچنے کا مقصد؟

میں بہت اُلجھا ہوا ہوں مجھے میرے سوالوں کے جواب دے دو پلیز۔۔

اور کراچی سے رِلیٹڈ بھی مجھے ہزاروں سوال کرنے ہیں۔

کیا تم جانتے ہو یہ سب؟

بتاؤ مجھے سب پلیز اور جانتے کیسے ہو یہ بھی بتاؤ۔

عامر نے کہا میں دانیا کو اُتنا جانتا ہوں جتنا دانیا بھی خود کو نہیں جانتی۔۔

شیراز نے کہا مطلب کیا ہے اس بات کا؟

دوسری طرف خاموشی چھائی رہی۔۔۔

شیراز نے پھر سوال کیا۔۔

اسکا کیا مطلب ہے مجھے بتاؤ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عامِر نے کہا کچھ نہیں بہت لمبی کہانی ہے۔

شیراز نے کہا۔۔

میں سننے کو تیار ہوں جتنی بھی لمبی کہانی ہے بتاؤ۔

اور نہ صرف دانیا کے بلکہ اپنے بارے میں بھی بتاؤ کے تم کون ہو اور یہ باس کون ہے؟ اور باس سے تمھاری اتنی بات چیت کیسے ہے کہ اسنے دانیا کو تمھارے زمہ دے دیا۔

عامِر نے کہا چلو خود سے شروع کرتا ہوں۔

میں ایک مِڈل کلاس فیملی سے تعلق رکھتا تھا۔

میں بچپن سے ہی سوفٹ وئیر میں بہت اچھا تھا۔ مجھے کچھ نیا کرنے کا نیا سیکھنے کا شوق بھی تھا اور جنون بھی۔

میں بے شمار کتابیں پڑھتا تھا کمپیوٹر سے رلیٹڈ سوفٹ وئیر سے رِلیٹڈ۔۔

10 کلاس میں میں نے ایک بہترین سوفٹ وئیر بنایا تھا۔

اور وہ سوفٹ وئیر بہت مشہور بھی ہوا۔ نہ صرف میرا بلکہ میرے اسکول کا بھی بہت نام ہوا۔

اخبار والوں نے میرا انٹرویو بھی لیا۔

کچھ ہی دنوں کے اندر مجھے امریکا سے کال آئی اور مجھے اسکالر شِپ دے کر باہر پڑھنے کی آفر کی گئی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں خوشی سے تیار ہوگیا میرا پورا گھر بہت خوش تھا کہ لوگ امریکہ پڑھنے جانے کے خواب دیکھتے ہیں محنت کرتے ہیں مگر پھر بھی لوگ جا نہیں پاتے اور مجھے تو خود بُلایا جارہا ہے۔ وہ بھی اسکالرشپ دے کر۔

خیر بہت دُعاؤں کے ساتھ میں امریکہ پہنچ گیا۔ مجھے ائیر پورٹ سے ہی گاڑی نے پِک کیا۔ جو کہ مجھے ہوسٹل پہنچاتی۔

میں جب گاڑی سے اُترا وہ ہوسٹل نہیں کوئی گھر تھا۔ایک آدمی نے گیٹ سے ہی مجھے رسیو کیا اورگھر کے اندر لے گیا۔

وہ گھر نہایت عالیشان بنا ہوا تھا میں نے زندگی میں اتنا بڑا گھر پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔

وہ مجھے ایک دروازہ کھول کر اپنے پیچھے کمرے کے اندر آنے کا اشارہ کرتا اندر کو بڑھ گیا۔

میں نے اسکے پیچھے دروازے کے اندر قدم رکھے تو دو قدم چلتے ہی نیچے کو سیڑھیاں جا رہی تھی۔

میں جیسے جیسے نیچے کو سیڑھیاں اُترتا رہا مجھے کچھ عجیب محسوس ہو رہا تھا۔آخر کی چند سیڑھیوں پر آیا تو وہ کھنڈر نما ایک بڑا سا کمراہ تھا۔ تم اُسے تہہ خانہ بھی کہہ سکتے ہو۔

وہ شخص مجھے وہاں کرسی پر بیٹھنے کا کہتا کچھ اُٹھانے کے لیے جھُکا میں خاموشی سے کرسی میں بیٹھ گیا۔

میرے بیٹھتے ہی اسنے میرے ہاتھ پیر باندھنے کی کوشش کی۔

میں نے شور مچادیا تو اسنے مجھے بہت مارا اور باندھ کر چلا گیا۔

تین دن تک میں بھوکا پیاسا وہاں چیختا رہا۔

کھولنے کی التجا کرتا رہا۔ یہاں تک کہ میں چیخ چیخ کر بے ہوش ہوگیا۔

میرے جسم پر کسی نے پانی مارا تو مجھے ہوش آیا مجھے پہلے پانی دیا گیا پھر سوکھی روٹی اور پانی میرے آگے رکھ دی گئی۔میں کھانے میں بہت نخرے کرتا تھا امی کو بہت تنگ کرتا تھا۔

مگر اُس دن بھوک اتنی تھی کہ میں نے وہ کھانا بھی اس طرح کھایا جیسے وہ میرا من پسند کھانا ہو۔

پیٹ بھرا تو وہ آدمی پاس آکر بیٹھ گیا اور کہا۔ اب تم کبھی پاکستان نہیں جا سکتے ہو۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہم تمہیں ہر طرح کی تعلیم دینگے مگر تم بس ہمارے لیے کام کروگے۔

پڑھائی کے ساتھ اور بھی بہت کام دیا جائیگا۔ جو بھی دیا جائے خاموشی سے کرنا ہے ورنہ بہت مارونگا اور نہ صرف مارونگا تمھارا پورا خاندان ختم کر دونگا۔

پہلے اسنے مجھے دھمکا کر کالج میں مجھسے ڈرگز بکوائے تعکہ وہ لڑکے لڑکیاں ڈرگز کے عادی بن جائیں۔وہ لوگ ساتھ میں مجھے پڑھا بھی رہے تھے۔

میں انکے کہنے کے مطابق سارے کام کرتا رہا۔

دو ہفتے میں نے ہر وہ کام کیا جو مجھے بولاگیا۔

اسکے بعد مجھے موقعہ مِلا تو میں بھاگ گیا۔

لیکن نہ میرے پاس سامان تھا میرا، نہ ہی پیسے اورنہ ہی میرے ڈاکیومینٹس تھے میرے پاس۔

میں نے بہت دنوں تک سڑکوں کی خاک چھانی۔

بھیک بھی مانگتا تھا اور انھی سڑکوں پر سو بھی جاتا تھا۔

ایک دفعہ بہت ٹھنڈ تھی میں کپڑے دیکھنے دکان کے اندر چلاگیا۔

دکاندار نے مجھے دھکے دے کر نکال باہر کیا۔

بہت کچھ سہا میں نے ان کچھ دنوں میں سڑکوں پر

پھر ایک دن مجھے یہ لوگ اُٹھا لائے میں انکے ہاتھ لگ ہی گیا تھا میں۔

اس سے پہلے میرے جسم میں کوئی ٹریکنگ چِپ نہیں تھی شاید انکو لگا یہ بچہ ہے بھاگے گا نہیں۔ مگر میں بھاگ گیا تو اب کی بار جو مجھے پکڑا گیا مجھے بے ہوش کر کے میرے جسم میں ٹریکنگ چِپ ڈال دی گئی اور ساتھ وارن کر دیا گیا کہ بھاگنا نہیں۔

مگر مجھے جب اگلی دفہ پھر موقعہ مِلا میں پھر بھاگ نکلا مگر اس بار میرا بھاگنا میری زندگی کی سب سے بڑی حماقت بن گئی۔

مجھے چند منٹوں میں ہی پکڑلیاگیا۔

اور پھر میرے سامنے ویڈیو آن کر کے میرے ابو کو مار دیا گیا ہم تین بھائی دو بہنیں تھیں۔

اسنے اس دن صرف ابو کو مارا میں اپنا دُکھ بانٹنا بھی نہیں چاہتا جو میں نے سہہ لیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پھر کچھ عرصے بعد ایک دفہ میں ڈرگز بیچنے گیا وہاں کچھ لڑکے ایک لڑکی کو زبردستی گاڑی میں ڈال رہے تھے۔ لڑکی بُری طرح مدد کے لیے چیخ رہی تھی۔

میں نے اسکی مدد کرنی چاہی۔ مگر میں اکیلا تھا اور تھا بھی چھوٹا۔ جبکہ وہ تین لوگ تھے۔

مجھے مار کر دھکا دے کر لڑکی کو لے گئے مگر اسی دن مجھے جہاں میں رہتا تھا مجھے اس ہوسٹل سے اٹھا لیا گیا اور اس دن میرے سامنے مجھےلائیو دکھایا گیا۔

میری دونو بہنوں کو زیادتی کے بعد مار دیا گیا۔ میرے دونو بھائیوں کو بھی مار دیا گیا۔ کہ میں سمجھ لوں کہ ان سے غداری کا یاپنگا لینے کا انجام کیا ہوتا ہے۔

میرے پورے گھر والوں کو میری آنکھوں کے سامنے جان سے مار دیا گیا۔جب کہ امی کو وہ لوگ اُٹھا کر لے گئے۔ میں آج تک اپنی امی کو ڈھونڈ رہا ہوں۔ میرا درد مت پوچھنا جو میں نے سب کو اپنے سامنے ختم ہوتے دیکھاتو مجھ پر کیا بیتی۔۔۔

میں بہت عرصہ اپنے حواسوں میں نہیں تھا۔

پھر کچھ ٹھان کر میں نے محنت شروع کردی۔ میں نے سوفٹ وئیر میں ایسی مہارت حاصل کرلی۔ کہ آج باس کے پاس سب سے بہترین لوگوں میں شمار ہوتا ہوں جو کہ اسکا پورا سیسٹم چلا رہے ہیں۔میں نے اُسکے ٹرسٹ کو جیتنے کے لیے کافی محنت بھی کی اور آج وہ ہر بڑا کام کرتے ہوئے مجھے ساتھ رکھتا ہے۔

میری ماں کے جسم میں کوئی بھی ٹریکنگ چِپ نہیں ہے کیونکہ وہ جانتا ہے اگر چِپ ڈال دی گئی تو میں اُن تک پہنچ جاؤنگا۔ اور وہ یہ بھی جانتا ہے جس دن مجھے ماں مل گئی اس دن اِن لوگوں کے ساتھ میں غداری بھی کر سکتا ہوں۔

تو میری ماں کو ایسی جگہ رکھا گیا ہے جہاں آج تک میں پہنچ نہ سکا۔

میں پچھلے 19 سالوں سے ان لوگوں کے ساتھ ہوں اس دنیا میں اور باس کے لیے کام کر رہا ہوں۔

مگر اب میں نے خاموشی سے کچھ اپنے سیسٹم بھی بنا لیے ہیں۔ کچھ اپنی ٹیم بھی بنا رکھی ہے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

باس نے تقریباً ہر ملک میں مجھے ایک الگ شناخت دی ہے۔ آج پوری دنیا کے ہر ملک میں میرا گھر ہے۔ وہ دکان جہاں میں کپڑے لینے گیا تھا اور مجھے مار کے بھگا دیا گیا تھا آج وہ پوری مارکٹ میں نے خرید لی ہے۔

خیر--- قصہ مختصر سے مختصر کر کے بتا رہا ہوں تمہیں۔

جو ٹیم میں نے بنائی ہے اس ٹیم کا مقصد باس کے مقابل کھڑے ہونا ہے۔میری ٹیم میں بہت لوگ ہیں جو کام کر رہے ہیں۔

باس کے لیے کام کرنے والے کروڑوں لوگ ہیں۔

ہر روز یہ لوگ معصوموں کو اغوا کرلیتے ہیں۔

اور انسے کام کرواتے ہیں۔اور جو لوگ دنیا میں سب سے زیادہ زہین ہوتے ہیں انکو باس اپنے لیے بہت خوب استعمال کرتا ہے۔

ان لوگوں کے پاس دنیا کہ بہترین سافٹ وئیر ہیں،

جہاں سے اس پوری دنیا کے ایک ایک بندے کی انفورمیشن

ان کے پاس ہوتی ہے۔ پورا سوشل میڈیا ان کے ہاتھوں میں ہے۔ ایک ایک میسنج جو بھیجا جا رہا ہوتا ہے دنیا بھر میں یا کال جو کی جا رہی ہوتی وہ سب رکارڈڈ ہوتی ہے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہر ملک کا نادرا جیسا سیسٹم اس کے انڈر کام کرتا ہے۔ بس سمجھ لو پوری دنیا کا ڈیٹا باس کے پاس ہے وہ جسے چاہے اٹھا لے۔

یہ جو دنیا جہان میں حکومتیں چل رہی یہ سب باس کو پیسے دے کر حکومت میں آئے ہوتے ہیں جو زیادہ بھیجتا ہے اسکی حکومت بنادی جاتی۔ باقی الیکشن وغیرہ تو عوام کو بیچنے کے لیے ایک چورن ہوتا ہے۔

جو بھی گیم خوش ہوکر پوری دنیا بیٹھ کر دیکھتی ہے جیسے کرکٹ فوٹبال کا ورڈ کپ، یا اولمپکس وغیرہ یا جو کچھ بھی کھیل بڑے لیول پر ہوتا ہے وہ سب فکسڈ ہوتا ہے۔ جو ٹیم زیادہ پیسہ باس کو کھلاتی ہے وہ جیت جاتی ہے۔ خیر قصہ مختصر آج پوری دنیا کا باپ باس ہے۔

کہاں کب کیا ہو رہا ہے اسکو سب علم ہوتاہے اور یہ سب دیکھ بھال سیسٹم کے زریعے ہورہا ہے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اور سیسٹم چلانے والوں میں اک میں ہی نہیں ہوں بھاری تعداد میں ایک سے بڑھ کر ایک لوگ ہیں جو سیسٹم چلا رہے ہیں ہزاروں ملک میں اسکے سِیسٹم بیک اپ بھی موجود ہے۔

میں باس کے پاس ٹاپ 3 میں شمار ہوتا ہوں۔

مجھسے اچھے بھی دو اور لوگ ہیں باس کے پاس۔

باقی میری ٹیم خاموشی سے لوگوں کو آزاد بھی کروا رہی ہے سیسٹم سے کھیل کر چھوٹے موٹے لوگوں کو ہم بھگا دیتے ہیں۔ مگر روزانہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ اُٹھائے جاتے اور ہم اُن میں سے چند سو لوگوں کو آزاد کروا دیتے ہیں۔

کوشش میری جاری ہے کہ ایک دن باس کے مد مقابل کھڑا ہونگا۔ دنیا کو آزاد کروا لونگا۔
اور کافی حد تک میں اور میری ٹیم بھی پاور رکھتی ہے۔
مگر پہلے امّی مِل جائیں۔ ایک ٹیم الگ سے امی کو ڈھونڈنے کے لیے لگائی ہوئی ہے میں نے۔
آسٹریا میں یا لاسٹ مِشن میں لوگ مجھے یوگا انسٹرکٹر کے حوالے سے جانتے مگر میں وہاں بھی اصل مِشن میں تھا سیسٹم کے زریعے پورا مِشن کنٹرول کرنا۔
جو اس سامان کا مالک تھا اسکا صرف سامان چوری نہیں کیا گیا بلکہ سیسٹم کے زریعے اسکے تمام بینک اکاؤنٹ ہیک کر کے پیسے بھی نکال لیے میں نے۔
اسی طرح انگلینڈ میں برٹش آرمی آفسر ہوں میں ایک بڑی پوسٹ پر فائز ہوں۔
حیران نہیں ہو یار آج دنیا کے ہر ملک کی مِلٹری، پولیس، ایف آئی اے وغیرہ وغیرہ میں باس کے لوگ کام کرتے ہیں۔ میں یہ نہیں کہونگا کہ ہر فوجی ایسا ہے مگر ہر ملک کی فورس میں اسنے اپنے لوگ بیٹھائے ہوئے ہیں۔ ہر جگہ اسکے ایجنٹس ہیں۔

اب آجاؤ کے میں دانیا کو کیسے جانتا ہوں ، اور دانیا یہاں کیوں ہے۔

دانیا یہاں پچھلے 5 سالوں سے ہے۔ مگر میں صحیح والا دانیا کو ساڑھے تین سالوں سے جاتا ہوں۔ ایک دِن مجھے ایک تصویر بھیجی گئی وہ بھی خود باس نے بھیجی اور کہا یہ بندی کبھی بھاگنی نہیں چاہیے میرے لیے بہت ضروری ہے۔

باس کا یہ ضروری ہے کہنا اور وہ بھی خود خاص طور پر مجھے فون کر کے کہنا بندی کی اہمیت سمجھا رہا تھا کہ اسکے دو ہی مطلب ہوتے یا تو یہ بہت کام کی بندی ہے۔ جو باس کو بہت فائدہ دے گی یا پھر باس کا اس سے کوئی حساب کتاب نکلتا ہوگا۔ اور وہ کوئی عام سا حساب نہیں ہوگا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

میں نے تصویر دیکھ کر لوگوں کو کام پر لگا دیا۔ خود میں نے پلٹ کر دیکھا بھی نہیں۔

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/Classicurdumaterial

کچھ عرصے بعد مجھے میری ہی ٹیم کے ساتھی نے ویڈیو دی اور کہا سر یہ دیکھیں۔

میں نے وڈیو دیکھی دانیا کی تھی پولیس والا دانیا کو بہت شدید تشددت کے ساتھ مار رہا تھا اور وہ بس یہی کہہ رہی تھی میں نہیں جانتی۔

میں نے خود بھی بہت مار کھائی ہے اور مردوں کو بھی مار کھاتے دیکھا ہے مگر کسی لڑکی کو بدترین مار کھاتے ہوئے میں پہلی بار دیکھ رہا تھا۔

لڑکیوں کو تھوڑا بھی مارو وہ نہ صرف ہر بات بول دیتی ہیں بلکہ جو نہیں بھی کیا ہوتا وہ بھی

قبول کر لیتی ہیں مگر دانیا اپنے الفاظ سے شروع سے آخر تک نہیں پھری۔
میں یہ بھی جانتا تھا باس کے لوگوں کو کوئی پولیس ایسے مار نہیں سکتی جب تک باس کا حکم نہ ہو تو میں سمجھ گیا تھا دانیا کو آزمایا جارہا ہے۔ پرکھاجارہا ہے اور یہ بھی اسکی ٹریننگ کا حصہ ہے۔ خیر وہ مار دیکھ کر میں سمجھ گیا تھا اس بندی میں کوئی خاص بات ضرور ہے۔
اسنے اگلی ویڈیو دکھائی جہاں اسکا چہرہ جالایا جا رہا تھا۔ میں حیرت کے سمندروں میں ڈوب گیا کہ کوئی لڑکی عزت کے لیے یہ بھی برداشت کر سکتی ہے؟ عزت لفظ کیا ہوتا ہے اسکا اصل معنی مجھے سمجھانے والی دانیا ہے وہ جس طرح ازیت سہہ رہی تھی اور کہہ رہی تھی کہ مرجاؤنگی مگر یہ کام نہیں کرونگی۔ میرے پاس الفاظ بھی نہیں ہیں۔
میں سمجھ گیا تھا چہرہ جلانے کے پیچھے اسکو نئی پہچان دینا ہے۔ اور بھی کچھ لوگوں کو یہاں نئی پہچان دی گئی ہے مگر یہ لوگ ڈائریکٹ پلاسٹک سرجری کر دیتے ہیں انکی۔ جبکہ اس کا چہرہ جلانے کے پیچھے دانیا کو انتہا کا آزمانا ہی نہیں اسکو کچھ جتانا بھی ہو سکتا تھا یا کوئی بات ضرور تھی۔ میں نے اس دن دانیا پر خود کام شروع کیا دانیا پر رسرچ شروع کردی کہ میرے دل میں دانیا کو جاننے کی خواہش اور جستجو بڑھ گئی۔

جب میں نے چھان بین کی دانیا اور اس کی فیملی پر رسرچ کی اور مجھے معلومات اکھٹی کیں تو

مجھے علم ہوا کہ دانیا کہ یہ دشمنی ہے برسوں پرانی دشمنی اور اس دشمنی کے پیچھے دانیا کی ماں مایا وجہ ہے۔ باس دانیا کا نہیں بلکہ مایا کا دشمن ہے۔جس کا خمیازہ دانیا بھگت رہی ہے۔

law یونیورسٹی میں ہونے والی کونوکیشن کی تقریب سے جہاں وکالت پاس کرنے والے اسٹوڈنٹس کو ڈگری سے نوازا جا رہا تھا۔ ڈگری دینا تو ایک فارمیلٹی ہوتی ہے جو کہ دنیا کو دکھانے کو کونوکیشن کی تقریب میں دی جا رہی ہوتی ہے در حقیقت ڈگری تو پاس آوٹ ہونے کے کچھ عرسے بعد دی جاتی ہے۔ یہ تقریب صرف اسٹوڈنٹس کو اعزاز دینے کے لیے رکھی جاتی ہے۔

مایا سلمان وکالت کی اسٹوڈنٹ تھی۔ اور اسنے پوری یونیورسٹی میں ٹاپ کیا تھا۔ اس کو گولڈ میڈل دینے اسٹیج پر بلایا گیا۔ وہ پُر وقار انداز میں اسٹیج پر چڑھی اور اسنے گولڈ میڈل اور ٹرافی وصول کیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تقریب کے اختتام پر اسٹوڈنٹس کے لیے پُر تکلف ڈنر کا انتظام بھی کیا گیا۔ ساتھ کچھ مشہور سنگرز بھی آئے ہوئے تھے۔ تیز گانوں کا شور بھی تھا۔

مایا اپنے والد کو اپنا میڈل اور ٹرافی پکڑاتی لیڈیز باتھروم کی طرف بڑھ گئی۔ وہاں اسے کسی کے چیخنے کی درد میں کراہنے کی آوازیں آرہی تھی اسنے یہاں وہاں دیکھا۔ اسے محسوس ہوا یہ آواز نیچے سے آرہی ہے باتھروم اس کونوکیشن ہال سے تھوڑا ہٹ کر تھا۔

اسنے باہر نکل کر دیکھا تو باہر موسیقی کا بہت شور تھا۔ وہ واپس اندر آئی تو آواز ابھی بھی آرہی تھی۔ اسنے آواز کی جانب زمین پر بیٹھ کر زمین میں کان لگاکر سننے لگی وہ سمجھ گئی یہ آواز نیچے

سے آرہی ہے۔ مایا کے اندر انسانی ہمدردی کا جزبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔

وہ بنا کسی کو بولے نیچے چلی آئی اور آواز کی جانب بڑھنے لگی۔ اسنے دور سے ہی یونیورسٹی کے پرنسپل کو الٹا لٹکے ہوئے دیکھا جسکو کچھ لوگ ڈنڈوں سے مار رہے تھے وہ آگے بڑھنے لگی جب اسنے ان میں سے ایک شخص کے منہ سے اپنا نام سُنا وہ آگے بڑھنے کے بجائے رُک گئی اور قریب ہی بنی دیوار کے پیچھے چھپ گئی۔

ایک شخص غصے میں کہہ رہا تھا۔ مایا کو کیوں دیا گولڈ میڈل ایمیلی کو کیوں نہیں دیا۔ جب تم سے بولا گیا تھا کہ ایمیلی کو ٹاپ کروانا پھر یہ مایا کو کیوں دیا۔ تمہیں پتہ تھا نا کہ میں کون ہوں؟ جانتے تھے نا تم کے مجھسے پنگا لینے کا کیا انجام ہوتا ہے؟ میری بیٹی کو کیوں نہیں دیا گولڈمیڈل جب میں نے تم سے کہ دیا تھا؟

پرنسپل کی آواز گونجی میں نے بائبل پر ہاتھ رکھ کر قسم کھائی تھی میں کبھی غلط کا ساتھ نہیں دونگا میں ہمیشہ سچ کا ساتھ دونگا۔ میں صرف ایک یونیورسٹی کا پرنسپل ہی نہیں میں ایک سینئر وکیل بھی ہوں۔ اور میں نے بائبل پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا کہ میں مرجاؤنگا مگر جھوٹ نہیں بولونگا نہ ہی جھوٹ کا ساتھ دونگا۔

یہ سنتے ہی اس شخص نے پرنسپل پر گولی چلادی ایک بھی نہیں چار گولیاں ان کو ماری گئی۔

مایا نے گولیوں اور مرڈر کا نام سنا تھا اور پڑھا بھی تھا کیسز میں مگر پہلی دفعہ اتنے قریب سے گولی کی آواز سنی اور مرڈر دیکھا۔ وہ گھبرا کر بھاگنے لگی۔ اسکے قدموں کی آواز ان لوگوں نے سن

لی۔ مین گیٹ بند کر دیا گیا اور بھاگنے والے کو ڈھونڈنے لگے۔

مایا ایک بُک شیلف کے پیچھے چھپ کر بیٹھ گئی۔

وہ لوگ ہر جگہ مایا کو ڈھونڈتے رہے۔ جب مایا کہیں نہ ملی تو ان میں سے ایک نے بولالگتا ہے بھاگ گیا جو بھی تھا۔

ہم ایک کام کرتے ہیں دیھان رکھتے ہیں جو بھی چشم دید گواہ سامنے آئیگا اسے ماردو یونیورسٹی کے ہر اسٹوڈنٹس اور ٹیچر میں یہ بات پھیلادو کہ ہمارا ساتھ دیں جس کسی کے پاس بھی انفورمیشن ہو یا کسی نے کچھ دیکھا ہو تو وہ ہمارا ساتھ دے پرنسپل کو انصاف دلوانے میں۔

ہمارا فرض بنتا ہے انھیں انصاف دلوانے کا۔

کچھ اور بھی اموشنل لائین بول دینا خود ہی جو ہوگا سامنے آجائیگا تو اسکومار دینا۔ بول کر وہ لوگ چلے گئے۔ مایا بہت دیر وہاں چھپی رہی جب اسے یقین ہوگیا وہاں اسکے سوا کوئی نہیں ہے تو وہ باہر آگئی۔

اسکے والد نے کہا بیٹا کہاں چلی گئی تھی۔ اسنے کہا کچھ نہیں بابا میں دوستوں کے ساتھ تھی اب گھر چلیں۔ وہ لوگ گھر آگئے۔

اگلے دن یونیورسٹی اخبارات اور ٹیوی پر نیوز آنے لگی ہرجگہ شور ہوگیا۔ وہ گھر میں خاموشی سے

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سب بیٹھی سنتی رہی اسنے اپنے گھر میں بھی کسی سے اسکا زکر بھی نہیں کیا۔

یونیورسٹی میں ڈگری کے فارم کی لاسٹ ڈیٹ آگئی۔ تو اسے جانا پڑا۔ آج بھی وہاں سب اسٹوڈنٹ سے پوچھا گیا کے کیا کسی کو کچھ بھی پتا ہے تو وہ ہماری مدد کرے مایا سب کے بیچ خاموش رہی۔ اور فارم جمع کروا کے گھرآگئی۔

مرڈر کا کیس عدالتوں میں چلتا رہا۔ مایا کی ڈگری آگئی تھی اسکو کلاس میٹ نے فون کر کے بتایا تو وہ ڈگری لینے چلی گئی۔

ڈگری لیتے ہوئے اسکے سامنے بائبل رکھی گئی اور کہا اس پر ہاتھ رکھ کر قسم کھاؤ کہ تم ہمیشہ سچ کا ساتھ دوگی ہمیشہ اپنی ڈگری اپنی تعلیم کو سچائی اور ایمانداری کی راہ پر استعمال کروگی۔ قسم کھا کر کہو تم ہمیشہ حق اور سچ کو ہی انصاف دلواؤگی۔ اسنے کانپتے ہاتھوں بائبل پر ہاتھ رکھ دیا اور ہر لائین دوہرادی۔ ڈگری لیے گھر آگئی۔

اسے کہیں بھی چین نہیں مل رہا تھا۔ اسکو لوگوں سے معلوم ہوا پرنسپل کا کیس اب آخری مراحل پر ہے۔ کوئی بھی گواہ نہ مل سکا۔ شاید صبح یہ کیس بند کر دیا جائے۔وہ بہت پریشان تھی مایا کو پرنسپل کے آخری جملے یاد آنے لگے۔ وہ کچھ سوچ کر جائے نماز بچھائے ساری رات اللہ سے نجانے کون کون سی دعائیں مانگتی رہی۔

صبح ہوتے ہی ایک فیصلہ کرتی اٹھ کھڑی ہوئ۔ گھر میں کسی کو بھی کچھ بولے بنا وہ گاڑی لے کر نکل گئی۔ عدالت کے باہر گاڑی پارک کی اور اندر کی جانب بڑھ گئی۔

وہاں پرنسپل کا کیس چل رہا تھا۔ وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی عدالتی کمرے کے اندر آگئی۔ اسنے اُنچا مگر ٹھہرے ہوئے انداز میں کہا جج صاحب میں کوئی بھی اختیار ابھی نہیں رکھتی کے میں یہ کیس لڑ سکوں نا ہی میں نے اپنا نام چشم دید گواہوں کی فہرست میں لکھوایا مگر میں اس کیس سے رلیٹڈ عدالت سے کچھ کہنا چاہتی ہوں۔ اگر آپ کی اجازت ہو تو کیا میں کہہ سکتی ہوں۔

کمرے میں موجود ہر ایک کی نظر دانیا پر تھی۔ اور عدالت نے دانیا کو اجازت دیتے ہوئے کٹھرے میں بلوالیا۔

بائبل اسکے سامنے لاکر رکھ دی گئی۔ اسنے کتاب دیکھتے ہوئے کہا سر میں مسلمان ہوں اور بائبل پر میرا ایمان ویسا نہیں جیسا قران پر ہے۔

میرے لیے اسکی حیثیت ہمیشہ ایک عام کتاب جیسی رہی۔ مگر میں نے اِس کتاب کی قسم کھا کر کہا تھا کہ میں ہمیشہ سچ کہونگی۔ اور سچائی کا ہی ساتھ دونگی۔ کسی بھی چیز پر ہاتھ رکھ کر قسم اُٹھائی جائے تو چیز یا وہ کتاب پھر عام نہیں رہتی میرے دین نے مجھے ہمیشہ سکھایا ہے کہ نا صرف اپنے بلکہ دوسروں کے دین کو بھی عزت دینی چاہیے۔ تو میرے لیے یہ کتاب بہت معتبر ہے۔

اسنے کتاب پر ہاتھ رکھ کر کہا میں جو بھی کہونگی سچ کہونگی سچ کے سوا کچھ نہیں کہونگی۔

اسنے اپنی انکھوں دیکھی ہر بات عدالت کو بتادی۔ اور آخر میں کہا میرے پرنسپل نے مجھے انصاف دلواتے ہوئے اپنی جان دے دی۔ صرف اس لیے کیونکہ انھوں نے بائبل کی قسم کھائی تھی کہ وہ ہمیشہ حق کا ساتھ دینگے۔ مجھے میرے پرنسپل نے آخری لمحات میں سکھا دیا۔ کہ قسم کھاؤ تو جان دے دو مگر اپنی قسم کی پاسداری ہمیشہ کرو۔

میں نے بھی ڈگری لیتے ہوئے قسم کھائی تھی کہ میں ہمیشہ سچ کا ساتھ دونگی۔ تو آج میں نے بھی اپنی قسم کی پاسداری کی شروعات کردی ہے۔

جج نے انکوئری ٹیم تشکیل دے کر کہا مجرموں کو عدالت کے سامنے پیش کیا جائے اور مایا کو

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سخت ترین سکیورٹی دی جائے۔

عدالت کے برخواست ہوتے ہی جب وہ باہر نکلی ایک شخص چلتا ہوا مایا کے قریب آیا اور کہا۔ ویری امپریسیو اپنی چالاکی سے تم نے کیس ری اوپن کر دیا بہت خوب۔ مجھے چالاک لوگ بہت پسند ہیں۔ اب تو دور تک ہمارا واسطہ رہیگا اسنے دھمکی آمیز لہجے میں کہا میڈم اپنا اور گھر والوں کاخیال رکھنا۔ بول کر وہ چلا گیا۔

عدالت میں کیس کاکیا فیصلہ ہوا پھر مایا نے پلٹ کر جاننے کی کوشش نہیں کی ہاں مگر ان قاتلوں میں سے 2 کی شناخت اسنے کرلی تھی۔ باقی ملے نہ تھے۔ سننے میں آیا تھا کے پکڑے جانے والوں کو پھانسی مل گئی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳

مایا نے پریکٹس کے بعد وکالت شروع کردی تھی اور وہ ایک بہترین وکیل بنتی جا رہی تھی وہ جو بھی کیس لیتی وہ جیت جاتی۔ اب تک کوئی کیس بھی نہ ہاری تھی۔

ایک دن اس کے دفتر میں ایک شخص آیا وہ مسلمان تھا اور پاکستانی بھی تھا۔ اسنے بتایا کہ اسکی بیٹی جس کی عمر 14 سال ہے اس کو کچھ لوگوں نے پکڑلیا تھا اور اسکے خاندان کو جان سے مارنے کی دھمکی دے کر ڈرا دھمکا کر اسے اسکول میں ڈرگز بکوائے تھے۔

ڈرگز میں کوئی زہریلی چیز ملی تھی جس بھی بچے نے کھایا وہ مر گیا۔

اور وہ کیس میری بیٹی کے خلاف کھُل گیا ہے۔ میری بیٹی کو پولیس نے اریسٹ کر لیا اور مار پیٹ کر الزام سارا بیٹی سے قبول کروا لیا گیا ہے۔

خدارا میری مدد کریں میں اس اجنبی ملک میں کس سے انصاف مانگوں میں تو عام سی نوکری کرتا ہوں یہاں آپ میری مدد کریں مجھے کچھ لوگوں نے آپ کے بارے میں بتایا میں چلا آیا وہ ہاتھ جوڑے مایا کے سامنے کھڑا رو رہا تھا۔

مایا نے اس سے بیٹھا کر کیس لڑنے سے پہلے بچی سے ملوانے کا کہا۔

بچی سے ملنے وہ جیل پہنچی۔ اسنے بچی کو یقین دلایا کہ وہ سب سچ بتائے تو وہ اسکی مدد کریگی اور اسے یہاں سے نکال دیگی۔

بچی نے روتے ہوئے ڈرے سہمے انداز میں سب بتا دیا۔

اسنے بچی کی کہانی سنی اور کیس اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ وہ لوگ بہت خطرناک تھے مگر خیر کیس مایا جیت گئی بچی کو آزاد کروا دیا اور 3 شخص کو سزا سنادی گئی۔

ان شخص میں سے ایک نے مایا سے کہا تمہیں تمہارا اللہ پوچھے گا۔ تم نے بے گناہ انسان کو پیسے کی لالچ میں پھنسایا ہے۔

وہ سنُی ان سنُی کرتی نکل کر گھر آگئی۔

وہ کورٹ سے گھر آئی تو آرام کے غرض سے لیٹی ہی تھی۔ کہ اسکی چھوٹی بہن اسکو بلانے آگئی۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اپیا اٹھو باہر کوئی انکل آپ سے ملنے آئے ہیں بہت ساری مٹھائی اور پھول لے کر۔ مایا حیران ہوتی باہر کی جانب گئی۔ تو باہر وہی شخص کھڑا تھا ڈھیروں مٹھائی کے ٹوکرے اور پھول لیے۔ مایا نے مسکرا کر کہا اسکی کیا ضرورت تھی تو اس شخص نے کہا آپ نہ ہوتی تو میری معصوم بچی کا کیا ہوتا۔

بہت دعایں دینے کے بعد اس شخص نے رات کے کھانے کی دعوت دے کر اپنے گھر بلایا۔ مایا نے انکار کیا مگر وہ بہت منتیں کرنے لگا کہ آپ میری بڑی بیٹی کی طرح ہیں آپ نے اجنبی دیس میں ہماری مدد کی میں یہ احسان کبھی نہیں بھولونگا۔ آپ کا میں انتظار کرونگا۔ وہ اتنے خلوص پر انکار نہ کر سکی اور مان گئی۔

رات بچی کے لیے کچھ گفٹس لیے ان کے گھر چلی آئی اندر ڈرائینگ روم میں قدم رکھتے ہی ایمیلی جو کہ مایا کی کلاس میٹ تھی اور وہی شخص جو پرنسپل کے کیس میں عدالت کے باہر ملا تھا اور مایا کو گھر والوں کا خیال رکھنے کی دھمکی دے کر گیا تھا موجود تھے پیچھے سے ایک اور شخص اندر آیا یہ وہی تھا جس نے پرنسپل پر گولی چلائی تھی۔ مایا حیرت سے ان سب کو دیکھتی رہ گئی۔

ان سب نے مل کر ہنسنا شروع کر دیا۔ اس بچی کا باپ بھی اندر آگیا۔ پرنسپل کے قاتل نے کہا مبارک ہو تم ایک ایسا کیس جیت کر آئی ہو جو کوئی کیس تھا ہی نہیں ہم نے بنایا تھا۔

بچوں کو بھی میں نے ہی زہر دے کرمارا تھا۔

بچی کو اسنے آواز دے کر بلوایا اور کہا آپی سے پوچھو ایکٹنگ کیسی لگی انھیں تمھاری۔۔ بولتے ہوئے سب نے تالیاں بجائی اور کہا مبارک ہو جن لوگوں کو تم نے سزا دلوائی وہ معصوم تھے۔۔

بولتے بولتے اس شخص نے بائبل اٹھا کر ٹیبل پر پٹختے ہوئے کہا۔ اس کتاب کو بیچ میں لائی تھی ہے نا؟ سچائی کی دیوی بنی ہوئی تھی لو آج قسم توڑدی تم نے جھوٹ جیت گیا سچ ہار گیا۔

بچی کا باپ اُٹھا اور قران بھی لے آیا اور دانیا کے آگے رکھ کر بولا تم نے میرے بیٹے کو سزائے موت دِلوائی ان کتابوں کی قسم کھا کر اب اٹھاؤ یہ کتابیں اور ڈھونڈو اپنے جھوٹے کیس جیتنے کی سزا ان کتابوں میں۔

ڈھونڈو کسی معصوم اور بے گناہ کو ناکردہ گناہ کی سزا دلوانے کے نتیجے میں کیا ملتا ہے۔۔

اب بجاؤ اپنی سو کولڈ سچائی کا نارا سب ہی ایک ساتھ تالیاں بجا کر ہنسنے لگے۔

مایا نے بھیگی آنکھوں اور کانپتے ہاتھوں سے قران اٹھایا اپنی آنکھوں سے لگا کر عقیدت سے چوم کر سینے سے لیا۔ بائبل کو بھی عقیدت سے اٹھائے وہاں سے چلی آئی۔

LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI LRI * PDI

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مایا نے خود کی پرواہ نہ کرتے ہوئے پولیس اسٹیشن جاکر اعترافِ جرم قبول کیا کے میں نے معصوم اور بے گناہوں کو سزا دلوائی ہے۔ میں یہ کیس ری اوپن کرنا چاہتی ہوں۔

اس فیصلے سے اسنے خود کو مشکل میں ڈال لیا تھا۔ ہر کوئی اسکے خلاف باتیں بنا رہا تھا۔ بہت سے لوگ اسکی اس جرات کو سراہ بھی رہے تھے۔ مگر اسنے لوگوں کی اور خود کی پرواہ بھی نہ کی اور کیس ری اوپن کروا لیا کیس لڑتے ہوئے اسے بہت دھمکیاں بھی ملی۔

مگر اس ایک کیس کے کھلنے اور کیس پر رسرچ کرنے کے دوران کئی اور کیس بھی کھُل گئے۔ اس میں بہت بڑے بڑے نام اور کیس بھی سامنے آئے۔ انگلینڈ کی آرمی نے مایا کو

بہت سپورٹ کیا۔ اور مایا نے اُن بے قصوروں کو با عزت بری بھی کروا لیا اور بہت سے مجرموں کو سزا بھی دلوائی۔ آسان لفظوں میں کہوں تو باس لوگوں کو ناک وچنے چبوا دیئے۔

✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳ ✳

مایا ایک مرڈر کیس کے سلسلے میں ہوٹل آئی ہوئی تھی اس ہوٹل میں کسی کا خون ہوا تھا۔ وہاں اس کی ملاکات شاہ نواز بخت سے ہوئی۔ شاہ نواز بخت اس ہوٹل کو خریدنا چاہتا تھا۔ وہ ایک بزنس مین تھا۔ مایا سے اسکی سلام دعا ہوئی۔ مایا نے کیس سے مطالق اس سے بھی تھوڑے بہت سوالات کیے مگر شاہ نواز کا اس کیس سے کوئی تعلق نہیں تھا۔۔

باقی وہاں کے اسٹاف اور ہوٹل کا جائزہ لیا اور آگئی۔

اس کیس کے دوران کئی بار مایا کا شاہ نواز سے سامنا ہوا۔ کیس جیت بھی گئی۔ مگر اسنے شاہ نواز کو اکثر اپنے آس پاس دیکھا اکثر وہ مختلف کیس کی ہیرنگ کے دوران اوڈینس میں بیٹھا ملتا تھا۔

اس روز بھی ایسا ہی ہوا تو مایا نے اسے روک کر پوچھ ہی لیا آپ تو بزنس مین ہیں آپکے بار بار

https://www.classicurdumaterial.com/
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عدالتوں کے چکر کیوں لگتے ہیں ان کیسز سے نہ آپکا لینا ہے نہ دینا۔پھر آپ یہاں کیوں آتے ہیں۔

شاہ نواز نے مسکرا کر کہا مایا کیا آپ میرے ساتھ کافی پر چلینگی۔مایا نے کہا میں آپ سے کیا سوال کر رہی ہوں اور آپ کیا جواب دے رہے ہیں۔

شاہ نواز نے کہا۔۔۔

مایا مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہیں اور یہ باتیں عدالت کے باہر نہیں ہو سکتی کیا ہم کہیں بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں؟

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مایا اس کے ساتھ ایک ریسٹرونٹ چلی آئی کہ شاید کیس سے رلیٹڈ کوئی بات ضرور ہوگی۔ مگر وہاں پہنچ کر شاہ نواز نے مایا کو بتایا وہ مایا کا بہت بڑا فین ہے اور وہ بس مایا کو دیکھنے اور سننے کے لیے کورٹ کے چکر لگاتا ہے۔ وہ مایا کے ساتھ اپنی پوری زندگی گزارنا چاہتا ہے۔

مایا یہ کہہ کر اُٹھ گئی کے میں نے شادی یا محبت کو کبھی نہیں سوچا اور وہ شادی اپنے ماں باپ کی مرضی سے کریگی۔

اگلے تین دن بعد شاہ نواز نے مایا کے گھر رشتہ بھیج دیا۔

شاہ نواز خود لندن میں سیٹلڈ تھے بہت سے ہوٹل تھے انکے یہاں اور ان کی فیملی پاکستان میں

تھی۔ ان کی فیملی میں ایک بہن، اور وہ خود تھے ماں کا انتقال ہوگیا تھا جبکہ والد صاحب کا پاکستان میں بہت سارے ہوٹلز کا بزنز تھا۔

چھان بین کے بعد شاہنواز ایک اچھے اور سلجھے ہوئے انسان لگے مایا کے گھر والوں نے رشتہ طے کر دیا۔ اور چند ہی مہینوں میں دونو کی شادی ہوگئی۔

مایا شادی کے بعد بہت خوش تھی شاہ نواز ایک بہترین شوہر تھا جو مایا کا ہر طرح سے خیال رکھتا تھا وہ دونوں بہت خوش تھے۔

وہ ہمیشہ کتابوں اور عدالتوں میں اتنا مصروف رہی کے اسکو پتہ ہی نہیں تھا۔ کہ زندگی اتنی حسین بھی ہوتی ہے۔ وہ ہواؤں میں اُڑ رہی تھی۔ شاہ نواز جیسے محبت کرنے والے انسان کو پاکر اسے زندگی سے محبت ہوگئ تھی۔

شاہ نواز اکثر ہی پاکستان کا چکر لگا لیتا تھا۔ ایک بار مایا بھی اسکے ساتھ پاسکتان گئ تھی۔ مگر مایا کے پاس ہر روز اتنے کیسز ہوتے تھے کہ وہ پاکستان ہر وقت نہیں جا سکتی تھی۔

اس بار بھی شاہ نواز پاکستان گیا ہوا تھا مایا اور اسکی روزانہ ہی رات میں کال پر بات ہوتی تھی۔

وہ اسے مِس کر رہی تھی اسنے وعدہ کیا کے وہ لگلے ہفتے واپس آجائیگا۔

شاہ نواز سے باتوں کے درمیاں اسے اپنے گھر میں کسی کی آہٹ محسوس ہوئی۔

مایا موبائل پکڑے کمرے سے باہر آگئی۔

اسنے کمرے کے آس پاس دیکھا کوئی بھی نہیں تھا۔

وہ سیڑھیاں اترتے نیچے آئی تو بھی کوئی نظر نہ آیا وہ اُپر واپس جانے لگی تو نیچے والے کمرے کی لائیٹ کھلی نظر آئی اسے حیرت ہوئی۔ کیونکہ وہ تو آج سارا دن آفس میں رہی تھی اور آئی بھی تو ڈائیریکٹ اوپر اپنے کمرے میں چلی گئی تھی پھر نیچے کی لائیٹ کیسے کھلی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اسنے شاہ نواز کو ہولڈ کرنے کہا اور خود دروازے سے اندد جھانک کر دیکھا مگر وہاں کوئی بھی نہ تھا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ لائیٹ بند کرنے کے غرض سے کمرے میں آئی تو کمرے میں اُسے کسی لیڈیز پرفیوم کی بہت تیز خوشبو آئی۔

ایسا محسوس ہوا کسی نے تازہ تازہ پرفیوم لگایا ہو۔

اسنے باتھ روم کا دروازہ کھولا وہاں کوئی نہ تھا مگر نل سے بوند بوند پانی ٹپک رہا تھا۔ اور فرش بھی اس طرح گیلا تھا جیسے ابھی ابھی کوئی نہا کر گیا ہو یہاں سے۔

مایا حیرت سے دیکھتی رہ گئی کہ یہ کیا ماجرا ہے۔

اسنے بھاگ کر مین گیٹ کا دروازہ چیک کیا مگر وہ تو لاکڈ تھا۔ اسنے موبائل اٹھایا تو شاہ نواز نے پوچھا کہاں چلی گئی تھی۔

مایا نے کہا نہیں کچھ نہیں باتھروم کے نل سے پانی ٹپک رہا تھا بند کرنے گئی تھی۔

وہ شاہ نواز کو اتنی دور بیٹھے تنگ نہیں کرنا چاہتی تھی تو جھوٹ بول گئی۔ جبکہ اسے خود بڑی حیرت تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/

اگلے دن مایا کو آفس میں بہت کام تھا۔ مگر اسکو اپنی تبیعت بہت بوجھل سی لگ رہی تھی۔

ابھی فائل کھول کر بیٹھی ہی تھی کہ اسکا دل متلانے لگا وہ بھاگتی باتھ روم گئی۔ اسے بہت اُلٹیاں ہوئی۔ تبیعت میں بھاری پن بھی محسوس ہورہا تھا۔

اسکا کام سے دل بھی اچاٹ ہورہا تھا۔

وہ فائل بند کرتی اٹھ کھڑی ہوئی اپنی اسسٹنٹ کو تبیعت کا بتا کر گھر کے لیے نکل گئی۔

گھر کے باہر گاڑی روکی تو اسے حیرت ہوئی اسکی گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ پر کسی اور کی

گاڑی کھڑی تھی اسنے کہا لگتا ہے محلے میں کسی کے گیسٹ آئے ہیں اور گاڑی میری جگہ کھڑی کردی ہے۔

اسنے گھر سے تھوڑا آگے گاڑی پارک کی اور گھر کا لاک کھولنے کے لیے چابی لگائی تو لاک پہلے سے ہی کھلا ہوا تھا۔

دروازہ بس یونہی بند تھا۔ اسنے ہینڈل گھمایا تو دروازہ کھل گیا اسے حیرت سی ہوئی کیونکہ دروازہ تو اسنے اپنے ہاتھوں سے لاکڈ کیا تھا۔

وہ اندر آئی ہی تھی کہ اسکو کسی لڑکی کی دبی دبی سی چیخوں کی اور کچھ عجیب سی آواز آئی۔ اسنے غور کیا تو یہ آواز اوپر سے آرہی تھی۔ اسنے آس پاس کچھ دیکھا ٹیبل پر رکھا شیشے کا شوپیس اٹھائے دبے قدموں اوپر چلی آئی۔

آواز اسے اپنے کمرے سے آتی محسوس ہوئی۔اسکے کمرے کا دروازہ ہلکا سا کھلا ہوا تھا۔

مایا نے دیوار کی ایک سائیڈ میں ہوکر کھلے دروازے سے سر نکال کر جھانکا۔

وہ حیرتوں کے سمندر میں ڈوبتی چلی گئی۔ شاہ نواز کسی عورت کے ساتھ بستر پر تھا۔ اسکو اپنے پیروں سے زمین کھسکتی محسوس ہوئی۔

اسے لگا کوئی اسکی روح کھینچ رہا ہے۔

اسکی سسکیاں نکلنے لگی اسنے اپنے منہ پر ہاتھ رکھا اور دبے قدموں گھر سے باہر آگئی۔ ڈگمگاتے

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

قدموں کے ساتھ گاڑی کا دروازہ کھولا خود کو سمبھالتی ہوئی وہ گاڑی میں بیٹھ گئ۔

گاڑی اسٹارٹ کرتی وہاں سے دور چلی آئی۔ وہ گاڑی سڑکوں پر دوڑاتی مستقل رو رہی تھی اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آرہا تھا کہ وہ کیا دیکھ کر آئی ہے۔

اسکے آنسوں بہت تیزی سے بہہ رہے تھے۔ اسے اپنی تبیعت مزید بوجھل محسوس ہوئی۔ اچانک بہت ابکائیاں سی آئی اسنے گاڑی کنارے پر روکی تو اسے بہت الٹیاں ہوئی۔

اسنے واپس گاڑی اسٹارٹ کی اور ایک فارمیسی کے پاس گاڑی روک کر اتر آئی۔ وہاں سے اسنے الٹی کے لیے دوائی مانگی مگر فارمسی والے نے دوا دینے سے انکاد کر دیا کہ بنا ڈاکٹر کے پرسکرپشن کے وہ دوا نہیں دیگا۔

اور یہ تو خود مایا بھی جانتی تھی کہ یہاں کوئی بھی بنا ڈاکٹر کا پرچہ دیکھے دوا نہیں دیگا۔

وہ واپس گاڑی کی طرف آنے لگی کے اسے شدید چکر آنے لگے سب کچھ گھومنے لگا۔ وہ خود کو سمبھال نہیں پارہی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسکی آنکھوں کے آگے اندھیرہ چھا گیا اور وہ وہیں بے حوش ہوگئی۔ آس پاس کھڑے لوگوں نے دیکھا تو اسے اٹھا کر قریب کے ہسپتال لے آئے۔

وہاں اسے ڈاکٹر نے بتایا کہ وہ ماں بننے والی ہے ڈاکٹر نے اسے ڈرپ لگائی اور کہا آپ کمزور

ہیں اپنا خیال رکھیں۔ مگر وہ کسی گہری سوچ میں گم تھی جب ڈاکٹر نے اسے ہِلا کر کہا۔ کہاں گم ہیں۔ میں آپسے کھہ دہی ہوں آپ اپنا خیال رکھیں آپ بہت کمزور ہیں۔ مایا جیسے کسی گہری سوچ سے نکل کر ڈاکٹر کو کہنے گی مجھے کیا ہوا ہے ڈاکٹر مجھے بہت الٹیاں ہو رہی ہیں۔ تبیعت بھی بہت عجیب ہو رہی۔

ڈاکٹر نے کہا کوئی بات نہیں ایسی حالت میں تبیعت میں تھوڑا اتار چڑھاؤ رہتا ہے۔ اسنے حیرت سے پوچھا کیسی حالت میں۔

ڈاکٹر نے کہا پریگنینسی میں وہ حیرت سے منہ کھولے ڈاکٹر کو دیکھے گئی۔ وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی وہ خوش ہو یا ماتم کرے۔

اسکی آنکھوں سے تیزی سے آنسو بہنے لگے۔ ڈاکٹر نے کچھ سمجھ کر کہا اِٹس اوکے ابھی اسٹارٹ ہی ہے ہم ایبورشن کر سکتے ہیں۔

مایا نے غصے سے ڈاکٹر کو دیکھ کر کہا جسٹ شٹ اپ۔

اور غصے سے ہاتھ سے ڈرپ کھینچتی باہر آگئ۔ وہ سیدھا اپنی ماں کے گھر آگئ۔ اسنے بنا کسی سے کچھ کہے تھکن کا بہانہ بنایا اور اپنے کمرے میں جا کر لیٹ گئ۔

اسے شاہ نواز کے ساتھ بتایا ایک ایک دن ایک ایک پل یاد آنے لگا۔ وہ بے آواز روتی ہی چلی گئ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اس رات اپنی ماں کے گھر ہی رکی۔ صبح تک وہ خود کو یہ کھہ کر راضی کر چکی تھی کہ یہ سب ہو سکتا ہے جو اسنے دیکھا وہ کچھ اور ہو وہ شاہ نواز نہ ہو میری آنکھوں نے دھوکا کھایا ہو یا اگر شاہ نواز ہوا بھی تو اسے بچے کا بتاؤنگی۔ اِس بچے کی خاطر اسے معاف کر کے ایک اور موقع دے دونگی ۔ وہ بھی بچے کے لیے خود کو بدل دے گا۔

وہ کچھ سوچتی دوپہر کے قریب گھر آگئ۔ کمرہ سمٹا سمٹایا ایسا ہو رہا تھا جیسے یہاں کوئی آیا ہی نہ ہو۔

وہ اپنے بستر پر لیٹ گئی۔

رات شاہ نواز کی کال آگئی وہ مایا سے اتنی محبت جتاتا رہا مایا بس خاموشی سے سنتی رہی۔ مایا نے اسے ماں بننے کی خبر نہیں دی بس پوچھا کہ کب آوگے اسنے کہا اس پیر کو۔ مایا نے انگلیوں میں گنا پیر آنے میں 3 دن باقی تھے۔ وہ شاہ نواز سے بات کر کے فون رکھ کر یونہی بے جان سے وجود کے ساتھ لیٹی رہی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

صبح کے شاید 6 بج رہے تھے اسے بھوک کا احساس ہوا وہ نیچے کچن کی جانب آگئی۔

وہ نیچے آئی تو کچن کی طرف جانے کے بجائے اس کمرے کی طرف آگئی۔ کمرہ بند تھا اسنے کھول کر دیکھا وہاں کوئی نہیں تھا۔ اسنے دروازہ واپس بند کیا۔ کچن آئی دودھ نکال کر گلاس میں بھرا دودھ پی کر واپس اپنے کمرے میں آنے کے لیے سیڑھیاں چڑھنے لگی کہ اچانک کسی

سوچ کے آتے ہی وہ واپس نیچے کمرے میں آگئی۔

اسنے کمرے کی لائٹ کھولی اور ایک ایک کر کے تمام درازیں اور الماریاں چیک کرنے لگی۔ اسے کمرے میں پڑا کچھ لیڈیز سامان بھی مِلا اور کچھ شاہ نواز کی چیزیں بھی۔

وہاں شاہ نواز کی گاڑی کی چابی بھی ملی۔

اسے اچانک کچھ خیال آیا وہ باہر گھر کی گلی کے پارکنگ ایریا میں آئی وہاں شاہ نواز کی اسپورٹس بائک نہیں تھی وہ کچھ سوچتی تیزی سے اندر آئی۔ اور کسی کو کال ملادی۔ ان لوگوں نے اپنی تمام گاڑیوں اور اسپورٹس بائیک پر انشیورنس اور ٹریکر لگوایا ہوا تھا۔ اور جس کی کمپنی سے لگوایا تھا وہ اسکے کلائیئنٹ تھے اور ان سے مایا کی دوستی بھی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/

مایا نے اس سے پتا کیا کہ بائیک کہاں ہے اس وقت۔

Support@classicurdumaterial.com

اسنے پانچ منٹ مانگے کہ وہ بتاتا ہے۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اور تھوڑی ہی دیر میں مایا کے پاس ایڈریس تھا۔

وہ اپنی گاڑی نکالے باہر آگئی۔دیے گئے پتے پر پہنچ کر آس پاس دیکھا۔ اسکی بائیک کھڑی تھی وہ گاڑی سے اتر کر بائیک کے پاس آگئی۔ بائیک پر ہاتھ رکھ کر ایک نظر گھر پر ڈالی اور کچھ سوچتی ہوئی واپس گاڑی میں جاکر بیٹھ گئی۔

گاڑی اسٹارٹ کی اور گھر سے کچھ دور کے فاصلے پہ روک دی اور خود سیٹ سے ٹیک لگا کر گھر کو دیکھتی رہی۔

8 بجے کے قریب شاہ نواز کسی عورت کے ساتھ باہر آیا وہ اسکو کمر سے پکڑے ہوئے چل رہا تھا دروازے پر پہنچ کر اسنے بلکل اسی انداز میں لڑکی کو سی آف کیا جس طرح وہ مایا کو کرتا تھا۔

مایا کو اپنا دل ڈوبتا ہوا محسوس ہوا وہ خود کو سمبھالتی شاہ نواز کو دیکھتی رہی۔

وہ بائیک پر بیٹھ کر نکل گیا مایا نے گاڑی اسٹارٹ کی اور اسکی بائیک کا پیچھا کیا۔

وہ اپنے ہوٹل چلا گیا۔ وہ گاڑی میں بیٹھی اسکا انتظار کرتی رہی تقریباً چار گھونٹوں کے بعد وہ واپس آیا بائیک اسٹارٹ کی اور نکل گیا۔ مایا نے اُس کا پیچھا کیا۔ اب وہ ایک دفتر کے باہر آکر رُکا اور بائیک پر بیٹھے ہی کسی کو کال ملائی۔

https://www.classicurdumaterial.com/

مایا نے گلی کے کونے میں گاڑی روکی تعکہ اگر وہ پلٹے بھی تو وہ سیدھا گاڑی نکال کر لے جائے۔

Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

شاہ نواز کی آواز بہت اُنچی تھی وہ آرام سے اسکی آواز سن سکتی تھی۔وہ گاڑی میں ہی بیٹھی اسکو دیکھتی اور سنتی رہی۔

ڈارلنگ میں نیچے کھڑا ہوں تم کام اب بند کرو اور باہر آؤ۔ دوسری طرف سے شاید کچھ کہا گیا جس پر اسنے جواب دیا۔ اببے یار میری بیوی ابھی آفس میں ہوگی ہم آرام سے مِل سکتے ہیں پھر تو

اسکے ساتھ راتیں بھی گزارنی پڑینگی اور میں تمہیں ملنے کے لیے ترسونگا۔ تمھارا بھی شوہر آجائے گا پتہ نہیں کتنے دن پھر ہم مل بھی نہیں سکینگے۔

وہ دوسری طرف کو سن کر پھر بولا ٹھیک ہے میں انتظار کر رہا ہوں تم آؤ۔

وہ بائیک سے اُتر کر ٹہلنے لگا۔

مایا کو لگا کہیں وہ اسے دیکھ نا لے۔ اسکی گاڑی اسٹارٹ ہی تھی وہ تیزی سے گاڑی سیدھا نکال کے لے گئی۔

وہ سڑکوں پر یہاں وہاں کچھ دیر پھرتی رہی اور کچھ سوچ کر گھر آگئی۔ گھر کے باہر ابھی تک کوئی گاڑی یا بائیک نہیں تھی اسنے گاڑی گھر سے تھوڑے فاصلے پر روک لی۔

کچھ ہی دیر کے انتظار کے بعد ایک گاڑی گھر کے باہر آکر رکی۔ اس میں سے شاہنواز اور کوئی لڑکی اترتی نظر آئی۔

لڑکی کو وہ صحیح سے نہ دیکھ سکی وہ دونو اندر چلے گئے۔ وہ کچھ دیر خود کو اور اپنے ٹوٹے ہوے دل کو سمبھالتی رہی۔

اسنے سوچ لیا تھا آج اسکو رنگے ہاتھوں پکڑلے گی۔ اس سے الھدگی لے لیگی۔ اسکو کبھی اپنے ماں بننے کے بارے میں نہ بتائے گی اور دور کہیں دور چلی جائیگی اپنے بچے کے ساتھ اپنی زندگی گزار دیگی مگر اب اس انسان کے ساتھ ہرگز نہیں رہ سکتی جو نا جانے کتنوں کی باہنوں کا ہار بنا گھوم

رہا ہے۔

وہ خود کو سمبھالتی اپنے گھر کے اندر آگئی۔ دروازہ کھولا اور دبے قدموں اوپر چلی آئی دروازے کے باہر کچھ دیر کھڑے ہوکر خود کو حمت اور حوصلہ دیتی دروازہ پورا کھول کر اندر چلی آئی۔ اور کمرے کی لائیٹ آن کردی۔

وہ گھبرا کر کھڑا ہوگیا۔ وہ اس وقت دیکھنے کی حالت میں بھی نہیں تھا گڑبڑا کر کھڑا ہوگیا۔ مایا کی نظر شاہ نواز سے ہوتی ہوئی لڑکی پر اٹھی۔ وہ خود کو سمبھال ہی نہیں پائی وہی زمین پر بیٹھتی چلی گئی۔ اسکے سامنے ایمیلی تھی۔ ایمیلی نے اسے دیکھ کر اپنے چہرے پر طنزیہ مسکراہٹ سجائی۔

ڈاکٹرز نے عامر کو گھیر لیا اور ان لوگوں کو کمرے سے نکال دیا۔

دانیا نہ کیونکہ اسکے جسم میں موجود تمام بولیٹس نکال دی تھی تو یہ اسکے لیے بہت بہترثابت ہوئ

ڈاکٹر نے کہا اسکو کچھ دیر وینٹلیٹر پر ڈال کر اسکے دل کو آرام دینگے کہ وہ خود سے محنت نہ کرے سانس لینے میں۔

اسکا جسم کمزور ہو رہا ہے۔

خون کافی بہہ چکا ہے تو اسکو ہم خون بھی ساتھ چڑھائیں گے۔

خون کا انتظام کروا کر جب عامر کو وینٹیلیٹر پر شفٹ کیا گیا اور ساتھ خون چڑھنا شروع ہوا تو شیراز نے اپنی کلائ پر بندھی گھڑی کی جانب دیکھا --4 بجنے والے تھے۔

شیراز نے ملِک کو کال ملا کر اس سے اسمتھ کی لوکیشن پوچھی تو وہ اب بھی اسی اپارٹمنٹ میں موجود تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اس نے حارث کو دیکھ کر کہا حارث تم یہاں رُکنا میں جا رہا ہوں اپنا مشن مکمل کرنے۔

حارث نے کہا مگر یار---

شیراز نے اس کی بات کاٹ کر کہا بہت معصوموں کی جان خطرے میں ہے اور ساتھ وہ امستھ بھی پھر پتا نہیں کب ہمارے ہاتھ لگے گا۔

اسکی وجہ سے میرے یار کی یہ حالت ہے میں اسکو اب تو بلکل بھی نہیں چھوڑوں گا۔

وہ اٹھ کر جانے ہی لگا تھا کہ دانیا نے اسے آواز دے کر کہا میں بھی ساتھ چلوں گی۔

شیراز نے کہا نہیں دانی تم رہنے دو وہاں خطرہ بڑھ گیا ہوگا۔

میں کام ختم کر کے آجاؤں گا تم یہیں رکو۔

دانیا نہ کہا یہ جنگ ہم سب کی ہے اور ہم سب ہی اس جنگ کا حصہ ہیں تو خطرہ ہے تو سب کے لیے ہے۔

اور اس خطرے سے نپٹنا بھی ہم سب نے ساتھ ہی ہے تو پھر مجھے بھی آپ نہ روکیں میں بھی آپ کے ساتھ جاؤں گی۔

شیراز نے مسکرا کر کہا اچھا چلو۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/

Support@classicurdumaterial.com

واپس پلٹ کر شیراز نے حارث کو دیکھا اور کہا کوئی بھی ضرورت پڑے سمبھال لینا، اگر بھاگنا پڑے کسی کی پروا کیے بنا عامر کو نکال کر لے جانا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

حارث نے اپنی شرٹ اتار کر شیراز کو دی اور کہا تمھارے کپڑوں میں خون کا نشان ہے مسئلہ ہوسکتا ہے تم یہ پہن لو۔۔

شیراز نے اپنی شرٹ اتار کر حارث کو دی اور خود حارث کی شرٹ پہننے لگا۔

"دانیا نے جب گاڑی سے نکال کر ایمبولینس میں عامر کو ڈال رہے تھے تب ہی گاڑی میں موجود تمام ہی گنز اپنے بیگ میں ڈال لی تھیں"

اپنا بیگ کھول کر دانیا نے اس میں سے دو گنز نکال کر چھپاتے ہوئے حارث کو تھمائیں وہ دونوں جانے کے لیے پلٹے ہی تھے کہ حارث شیراز کے گلے لگ گیا اور بولا یار اپنا خیال رکھنا تجھے کچھ ہوگیا تو میں تنہا نہیں لڑ سکوں گا۔

شیراز نے اسے گلے لگائے لگائے اس کا سر سہلاتے ہوئے اسکی پیٹھ ٹھوکتے ہوئے کہا میں واپس کام ختم کر کے اپنے یاروں کے پاس ہی آوں گا۔

پورے ہسپتال میں مٹھائی بانٹوں گا کہ میرا یار مجھے واپس مل گیا۔

پریشان نہیں ہو میں اندر لیٹے اپنے یار کو بھی ایسے نہیں جانے دوں گا۔

حارث کو پیار کرتا ہوا بولا بس میں ابھی آیا کام نپٹا کر

یہ کہتے ہوئے شیراز اور دانیا دونوں ہسپتال سے نکال آئے

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

دانیا اور شیراز اپارٹمنٹ کے باہر کھڑے تھے اب تک بہت پولیس وغیرہ اس علاقے میں آچکی تھیں۔

وہیں پاس میں جو ہسپتال تھا زیادہ تر زخمیوں کو وہیں پہنچایا گیا تھا علاج کے لیے
ہسپتال میں ایمرجینسی نافز کردی گئ تھی۔

اب تک تو مریضوں اور ان کے اہلِ خانہ کی تعداد ہسپتال میں بہت زیادہ ہوچکی تھی اب کہ جو اٹیک ہوگا وہ بہت زیادہ نقصان کا بائس بنے گا۔

شیراز نے وزٹنگ کارڈ دکھا کر اسی طرح اندر کا رخ کیا دانیا اسکے ساتھ ساتھ تھی۔

وہ لوگ عامر کے آدمی کہ گھر گئے وہاں سے کپڑے بدل کر اسمتھ کے اپارٹمنٹ سے کچھ دور جاکر چھپ کر دیکھنے لگے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اسمتھ کے دروازے پر گارڈز موجود تھے۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

شیراز نے کہا دانیا ہم اندر تو بہانا بنا کر چلے جائینگے مگر یہ گنز تو لے کر جانا ناممکن ہوگا۔

دانیا نے مسکرا کر کہا ہم اسکے اپارٹمنٹ نہیں جائینگے اسکے برابر والے اپارٹمنٹ جائینگے۔

شیراز نے حیرت سے پوچھا وہاں جاکر کیا کرینگے بھلا۔
وہ مسکرا کر بولی موؤی دیکھیں گے چائے پینگے اور کیا۔

شیراز اسے حیرت سے دیکھتے ہوے اسکی پیشانی کو ہاتھ لگا کر چھو کر بولا تبیعت تو ٹھیک ہے نا تمھاری؟

دانیا اسکے سینے پر ایک پنچ مارتی بولی۔۔

فولو می۔

یہ بولتی ہوئ کپڑوں کی ٹرالی لیے چلنے لگی شیراز اسکے پیچھے چل پڑا۔

وہ شیراز کے ساتھ اسمتھ کے برابر والے اپارٹمنٹ میں جاکر دروازہ بجانے لگی گارڈز نے پلٹ کر دونوں کو دیکھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اپارٹمنٹ کے اندر سے آواز آئ۔

ہو از دِس؟

دانیا نے پر اعتماد انداز میں جواب دیا۔۔

ڈرائے کلینر

دروازہ کھُلا ایک خاتون باہر آئ اور پوچھا۔۔

آر یو نیو؟

دانیا نے سر ہلا کے بولا

یس وی آر نیو۔

وہ خاتون سر ہلاتی دروازہ کھول کر دونوں کو اندر بلاتی خود کپڑے لینے چلی گئ۔

دانیا نے شیراز کو کہا گھر میں دیکھو کون ہے مارنا نہیں بس باندھ دو۔

اور خود عورت کے پیچھے چل پڑی۔

عورت نے پلٹ کر حیرت سے دانیا کو دیکھ کر کہا میں لا تو رہی تھی کپڑے۔

یہ بول کر اسنے دانیا کی ٹرولی میں کپڑے ڈالنے شروع کردیے۔

دانیا نے اس میں سے ایک کمیز نکالی اور عورت کو اس سے باندھ دیا پہلے اسکے منہ میں کپڑا ٹھونسا پھر پورا جسم باندھ کر اسے زمین میں لیٹادیا۔

خود باہر آئ تو شیراز تین بچوں کو باندھ چکا تھا وہ شیراز کے کندھے ٹھوک کر بولی شاباش۔

شیراز تپ کر بولا

باولی ہو تم ہم انکو پکڑنے نہیں آئے تھے ہم کسی اور کام سے آئے تھے۔

دانیا اسکی باتیں سنتی اگنور کرتی گھر کا جائزہ لینے لگی۔

اسے ایک ٹیرس نظر آیا اسکی جانب بڑھ گئ۔

وہاں سے گِرل پر چڑھ کر کھڑی ہوگئ جب شیراز نے اسے گرل پر چڑھتے دیکھا تو بولا تمھاری تبیعت سچ میں خراب ہے آج بھلا اتنی محنت کر کے کون خود کشی کرتا ہے؟

دنیا مسکراتی ہوئ اسکی باتوں کو اگنور کرتی پائپ کی جانب بڑھ گئ۔

شیراز چیخا۔۔۔

دیھان سے میری جان۔۔

دانیا کمال مہارت سے پائپ کے زریعے اسمتھ کے ٹیرس پر اتر چکی تھی۔

اب شیراز کو بولی دیکھتے رہینگے یا آئینگے بھی۔

شیراز بھی اسکی دیکھا دیکھی پائپ کے زریعے اسمتھ کے ٹیرس پر پہنچ گیا۔

دونوں نے گنز نکالی اود جھانک کر دیکھا کوئ شخص بیڈ پر لیٹا فون پر بات کر رہا تھا۔

آواز ٹیرس تک آرہی تھی۔

یس باس میں بس اب نکلوں گا۔

20 منٹ میں آپکا کام مکمل ہوجائے گا۔

یہ بول کر وہ فون بند کرتا کھڑا ہوگیا تھا۔

اور کپڑے اٹھا کر باتھ روم کی جانب بڑھ چکا تھا۔

شیراز نے دانیا کو اشارہ کیا۔

دونوں آہستہ سے دروازہ کھولے کمرے میں آچکے تھے۔

بستر پر موبائل، والٹ اور پاسپورٹ تھا۔

دانیا نے پاسپورٹ اٹھایا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

نام کچھ اور لکھا تھا مگر تصویر وہی تھی جو عامر نے ان کو دکھائ تھی کہ یہ ہے اسمتھ۔

جیسے ہی دروازہ کھلنے کی آہٹ ہوئ لوڈڈ شدہ گن دونوں نے تان لی اسکے باہر نکلتے ہی دونوں نے ایک ساتھ فائر کیا دونوں گولیاں اسکے سر پر لگی وہ وہیں گر گیا۔

گولی چلاتے ہی دونوں ٹیرس کی جانب بھاگے اور پائپ کے ذریعے ہی نیچے اتر گئے۔

وہ بارہویں منزل پر تھے۔

مگر دونوں کمال مہارت سے نیچے اتر چکے تھے۔

جبکہ انکے فائر کرتے کی باہر کھڑے گارڈز تیزی سے اندر بڑھے تھے مگر یہ دونوں پھرتی کہ ساتھ ٹیرس سے نیچے کی جانب بڑھ چکے تھے۔

https://www.classicurdumaterial.com/

دونوں ہی بھاگ کر گاڑی میں بیٹھے جب تک اس کے چند گارڈز بھی لفٹ سے نیچے اتر آئے تھے اور فائر بھی کھول دیا تھا ان لوگوں نے دانیا اور شیراز کی جانب مگر وہ لوگ بچتے ہوئے گاڑی بھگا کر نکال چکے تھے۔

شیراز نے دانیا کو مسکرا کر دیکھا اور کہا یہ لو باس کا پہلا حکم کا اِیکا بھی ہم نے اڑادیا۔

ایک بازو تو گیا باس کا۔

شیراز نے حارث کو کال ملائ۔

حارث نے کہا اب عامر خطرے سے باہر ہے مگر خون ابھی بھی چڑھ رہا ہے۔

شیراز نے کہا ہمیں یہاں سے نکلنا ہوگا خون کی بوتل چڑھے رہنے دو اسکو گاڑی میں ڈال کر لے جائینگے میں پہنچ رہا ہوں زیادہ مسئلہ کوئ ڈاکٹر یا اسٹاف کرے ہوائ فائر کر دینا اسکو گود میں یا جیسے بھی لے کر باہر آؤ میں پہنچ رہا ہوں۔

حارث بولا یار سر کو تو لے کر آجاؤں گا مگر ڈرپ بھی ہے۔

یہاں کے ہسپتال کے گارڈز بھی ہیں یہاں بھی ایمرجنسی لگی ہوئ ہے میں اکیلا نہیں نکال پاؤں گا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

شیراز بولا اوکے میں آتا ہوں۔

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ دونوں ہسپتال پہنچے۔

دانیا نے گاڑی اسٹارٹ رکھی شیراز اتر کر اندر گیا

عامر کو گود میں اٹھایا حارث نے ایک ہاتھ سے اسکی خون کی لگی بوتل پکڑی۔

اور ایک ہاتھ میں گن اٹھالیا۔

جیسے ہی ڈاکٹر چیختا ہوا آیا یہ کیا کر رہے ہیں کہاں لے کر جارہے ہیں حارث نے چھت پر ایک فائر کیا اور کہا ہٹ جاؤ راستے سے کوئ بیچ میں نہیں آئے گا۔

سب ہی ڈر کر سائڈ میں ہوگئے۔

باہر گارڈ نے جب گن تان کر روکنا چاہا دانیا نے پیچھے سے گاڑی میں بیٹھے بیٹھے ہی گارڈ کے ہاتھ پر فائر مارا گارڈ کے ہاتھ سے گن چھوٹ کر گر گئی اتنے میں دونوں نے عامر کو گاڑی میں ڈالا اور خود بھی گاڑی میں جیسے ہی بیٹھے دانیا گاڑی دوڑاتی وہاں سے نکل آئ۔

ان چاروں کے پلین کے حساب سے اس مِشن اسمتھ کے بعد ان کو □□□□□□□□□جانا تھا۔ مگر عامر ابھی اس حالت میں نہیں تھا کہ اسکو لے کر سمندری راستہ عبور کیا جاسکے۔

عامر اور حارث پچھلی سیٹ پر تھے عامر اب بھی بے ہوش تھا جبکہ حادث نے اپنی گود میں عامر کا سر رکھ کر عامر کو لیٹایا ہوا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عامر کی بلَڈ کی ڈرپ اب ختم ہوچکی تھی۔ حارث نے اسکے ہاتھ سے بلڈ کی ڈرپ نکال دی تھی۔

جبکہ گاڑی دانیا ڈرائیو کر رہی تھی اور شیراز اسکے ساتھ فرنٹ سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا یہ چاروں اب □□□□□□□□□□شہر سے دور نکل آئے تھے۔

دانیا نے شیراز اور حارث سے کہا اب کہاں جانا ہے؟

شیراز نے کچھ سوچ کر مِلک کو کال ملائی اور اسکو تمام صورت حال سے آگاہ کر کے کہا بتاؤ اب کہاں جانا چاہیے

عامر اس حالت میں نہیں ہے کہ ہم □□□□□□□□□□□□

کے لیے نکل سکیں۔

مِلک نے کہا سر کولے کر تم لوگ □□□□□□□□□□پہنچو

میں انتظام کروا دیتا ہوں وہاں کا۔

یہ نیوزیلینڈ کا ایک کونا ہے۔ □□□□□□□□نیوزیلینڈ کا □□□□□□□□□□ہے۔ اس کے بعد صرف پانی ہی پانی ہے۔ سمندر ہی سمندر ہے۔

تو اس وقت تم لوگوں کو اس سے بہترین چھپنے کے لیے اور کوئی جگہ نہیں ملے گی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

شیراز نے کہا ٹھیک ہے ہم وہاں پہنچ جاتے ہیں مگر ہمیں عامر کے لیے ایک ڈاکٹر کی بھی ضرورت ہوگی۔۔

ملک نے کہا ٹھیک ہے میں بندوبست کروادیتا ہوں اسکا بھی۔

تم لوگ کیل رینگا پہنچو۔

میں انتظام کر کے لوکیشن سینڈ کردوں گا وہیں چلے جانا۔

مِلک نے ان کے لیے وہاں ایک گھر اریج کروادیا تھا۔

اور ساتھ ہی اسکی لوکیشن سینڈ کردی تھی۔

یہ چاروں □□□□□□□□□پہنچ گئے۔

عامر اب بھی بے ہوش تھا۔

شیرازکو تشویش ہونے لگی۔

اسنے ملک کو فون کر کے کہا عامر کی حالت مجھے ٹھیک نہیں لگ رہی وہ اب تک بے ہوش ہے۔

خون کی بوتل جو ہم نے ہسپتال سے لی تھی وہ ختم ہوچکی ہے۔

کیا عامر کو ہسپتال لے کر جانا چاہئیے۔

مِلک نے کہا نہیں میں نے ایک لیڈی ڈاکٹر بھیجی ہے پہنچنے والی ہی ہوگی۔

وہ دیکھ لے گی خون کی مزید بوتلیں بھی وہ لے کر آئیگی۔

ساتھ ضروری ہر سامان اسکے ساتھ بھجوا دیا ہے۔

مگر ایک بات یاد رکھنا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جب چِپ نکلوا کر تم لوگ بھاگے تھے باس نے وہاں کے ہر ڈاکٹر کو آڑے ہاتھوں لیا ان پر انویسٹیگیشن ٹیم بیٹھادی ہے۔

تو ہوسکتا ہے پیسے کی لالچ یا باس کے ڈر سے وہ غداری کر سکتے ہیں۔

ویسے یہ جو ڈاکٹر میں نے بھیجی ہے یہ اُن ڈاکٹرز میں سے نہیں ہے مگر پھر بھی بھروسہ مت کرنا۔ اس پر کڑی نظر رکھنا۔

ویسے یہ عامر کو جانتی ہے۔ اسکے لیے کام بھی کرتی رہی ہے مگر یہ نہیں جانتی کہ تم لوگ وہاں بھاگ کر پہنچے ہو تو زیادہ کچھ اُسے نہیں بتانا بس کام نکلواؤ جب تک عامر صحیح نہیں ہوجاتا اسکو اپنے پاس قید رکھنا جانے نہیں دینا جب مُلک چھوڑ کر جانے لگو اسکو آزاد کر دینا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ویسے بندی بھروسے والی ہے مگر پھر بھی ہم بھروسہ کرینگے نہیں یہ وقت بھروسے کا نہیں ہے۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

گھر کے باہر گاڑی آکر رکی تو تینوں ایلرٹ کھڑے ہوگئے۔

گنز تھامے دروازے کے پاس کھڑے ہوگئے۔

دروازے پر بیل ہوئی تو دروازے کے پاس کی کھڑکی کے شیشے سے شیراز نے ہلکا سا جھانک کر دیکھا باہر وہی ڈاکٹر تھی جس کی تصویر مِلک نے بھیجی تھی۔

شیراز پھر بھی گن لوڈ کیے دروازے کے کنارے کھڑا ہوگیا اور حارث کو دروازہ کھولنے کا اشارہ کیا۔

دانیا بھی گن تانے کھڑی رہی۔

دروازہ کھلتے ہی ڈاکٹر نے کہا مجھے مَلِک نے بھیجا ہے سر کی طبیعت صحیح نہیں ہے ان کے علاج کے لیے۔

حارث نے سر ہلا کر کہا آپ کی چیکنگ کرنی ہوگی۔

بولتے ہوئے حارث اسکی چیکنگ کرنے لگا۔

شیراز بھی باہر نکل آیا اور اسکی گاڑی کی چیکنگ کرنے لگا۔

جب سب کلیئر نکلا تو حارث نے کہا آجائیں اندر۔

ڈاکٹر بولی گاڑی میں کچھ مشینز اور میرا سامان ہے وہ بھی لے آئیں اندر۔

حارث اور شیراز نے اسکا سامان اندر کیا اور گاڑی کی چابی اس سے لے کر گاڑی گھر کے پارکنگ میں کھڑی کردی۔

ڈاکٹر نے آتے ہی عامر کا چیک اپ کیا اور بلَڈ کی بوتل ڈرپ کے ذریعے لگادی۔

اسے انجیکشن لگایا اور دوائیں وغیرہ دے کر اسکا ٹریٹمنٹ شروع کر دیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مِلک نے اسے عامر کی کنڈیشن سے فون پر ہی آگاہ کر دیا تھا وہ دوائیں بھی اپنے ساتھ لائ تھی۔

جب ٹریٹمنٹ اسٹارٹ کر کے ڈرپ اور اوکسیجن لگا کر ڈاکٹر فارغ ہوئ تو شیراز نے پوچھا کب تم ہوش آئے گا؟

ڈاکٹر نے کہا پہلے سے بہتر ہیں کچھ بلڈ کی کمی اور میڈسن کی وجہ سے نیند میں ہیں۔
اثر ختم ہوگا تو جاگ جائینگے۔

اسنے اپنی بات مکمل کی تو دانیا اسکے قریب آئ اور اسکا موبائل لے کر کہا اب یہ آپکو واپسی میں ملے گا کچھ سکیورٹی پرپز کے لیے میں اسے اپنے پاس رکھوں گی۔
ڈاکٹر نے کہا ٹھیک ہے مگر مجھے اپنے گھر والوں کو انفارم کرنے دیں کے میں پہنچ گئ ہوں ایک ہفتہ یہیں رہوں گی۔

دانیا نے کہا اسکی ضرورت نہیں ہے مِلک انہیں انفارم کردے گا۔ جب تک آپ یہاں ہیں آپ کسی سے بھی رابطہ نہیں کرینگی۔
نہ ہی بنا اجازت کے یہاں سے باہر جائینگی اگر گئ تو پھر انجام کی زمیدار آپ خود ہونگی۔

تو بہتر ہے مجھے سختی کرنے پر مجبور نہیں کیجیے گا۔

اب آجائیں آپ کو آپکا کمرہ دکھا دوں۔

ان لوگوں نے اسکو ایک ایسا کمرہ دیا جہاں نہ ہی کوئ کھڑکی تھی نہ ہی کوئ باہر جانے کا رستہ۔

اسکو کمرے تک چھوڑتے ہوے دانیا نے کہا آپکا نام جان سکتی ہوں؟

ڈاکٹر مسکرا کر بولی مجھے "دیا" کہتے ہیں۔

میں ہارٹ سرجن ہوں۔ اور ساتھ ارتھوپیڈک سرجری میں بھی اسپیشلائز کیا ہوا ہے میں نے۔

سر عامر کے لیے کافی عرصے سے کام کر رہی ہوں۔

https://www.classicurdumaterial.com/

Support@classicurdumaterial.com

دانیا نے مسکرا کر کہا پھر تو امید ہے آپ ہمیں تنگ نہیں کرینگی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جتنا کوپریٹ آپ ہمارے ساتھ کرینگی اتنا آپ کے لیے اور ہمارے لیے اچھا ہوگا۔

یہ کہتے ہوئے دانیا نے اسکو کمرے میں چھوڑا اور کہا کسی چیز کی ضرورت ہو تو دروازہ بجا دیجیے گا۔ آپکو آپکی ضرورت کا ہر سامان کمرے میں مل جائیگا۔

جب ہمیں آپ کی ضرورت ہوگی ہم آپکو باہر بلا لینگے ورنہ آپ جب تک یہاں ہیں آپ کو اس کمرے تک ہی محدود رہنا پڑے گا۔

اسکے لیے آئ ایم سوری مگر مجھے آپ کا دروازہ بند کرنا پڑے گا۔

دیا بولی مگر ان سب کی ضرورت کیا ہے میں وہی کرونگی جیسا آپ کہینگی۔

دانیا نے کہا یہ تو بہت اچھی بات ہے کہ آپ ہمارے ساتھ کوپریٹ کرینگی مگر پھر بھی مجھے یہ کرنا پڑے گا۔

دیا نے سر ہلا کر کہا جیسا آپ لوگ ٹھیک سمجھیں۔

دانیا اسکا کمرہ لاکڈ کرتی شیراز اور حارث کے پاس آگئ

اور پوچھا آگے کا کیا پلین ہے ؟

شیراز نے کہا جب تک یہاں محفوظ ہیں یہیں رہ کر عامر کے صحتیاب ہونے کا انتظار کر لیتے ہیں ویسے بھی باہر ابھی معاملہ بہت گرم ہوگا۔

اسمتھ باس کا اہم آدمی تھا اسکے نقصان نے باس کو اور تپا دیا ہوگا

ہمیں ویسے بھی کہیں نہ کہیں کچھ عرصہ انڈرگراؤنڈ رہنا ہی پڑتا تو یہیں صحیح۔

پھر کچھ سوچ کر دانیا سے پوچھنے لگا ڈاکٹر کو بند کر دیا ہے نا؟

دانیا نے سر ہلا دیا ہاں بند کردیا۔

شیراز نے کہا ہم سب کو ہی اس پر نظر رکھنی ہوگی۔

دیہان رکھنا اسکا۔

پھر شیراز نے حارث کو دیکھ کر کہا تم عامر کے ساتھ ہی کمرے میں رہو۔ اسکا خیال رکھنا۔

کوئی کام ہو تو ہم برابر والے کمرے میں ہی ہیں۔

یہ علاقہ ویسے بھی زیادہ آبادی والا نہیں ہے۔ پھر بھی بلاضرورت ہم میں سے کوئی بھی باہر نہیں جائے گا۔

عامر ہوش میں آجائے تو کچھ آگے کا سوچینگے۔

عامر نے اگلے دن آنکھ کھولی تو اسکے منہ سے بے اختیار نکلا دانیا۔

حارث اسکے سامنے ہی بیٹھا تھا اسکی آواز پر بھاگ کر اسکے قریب آیا اور بولا سر آپ ٹھیک ہیں؟

Support@classicurdumaterial.com

عامر نے فکر میں ڈوبے ہوئے لہجے میں کہا باہر دانیا گاڑی میں۔۔فائرنگ وہ۔۔۔۔

بولتے بولتے جیسے اسے کچھ یاد آیا وہ بے اختیار اٹھنے لگا اسکو اپنے پیٹھ اور بازوں میں شدید درد محسوس ہوا وہ پھر بھی اٹھ بیٹھا۔

حارث نے اسے پکڑ کر کہا سر پلیز ریلیکس کریں دانیا ٹھیک ہے ہم سب ٹھیک اور محفوظ مکام پر ہیں آپ سکون سے لیٹیں میں ڈاکٹر کو بلا کر لاتا ہوں۔

حارث نے بھاگ کر ڈاکٹر کے کمرے کا لاکڈ کھولا اور اسے اپنے ساتھ لے آیا۔

دیا کو دیکھ کر عامر نے کہا تم یہاں کیسے ؟

دیا نے کہا خود تو آپ کو اپنا خیال ہے نہیں مجھے ہی آنا پڑا۔

وہ بولتی ہوئ عامر کو چیک کرنے لگی عامر الجھی ہوئ نظروں سے کبھی دیا کو کبھی حارث اور کبھی کمرے کو دیکھتا ہوا بولا میں ہوں کہاں اور دانیا کہاں ہے؟ شیراز کہاں ہے ؟

وہ پھر اٹھنے لگا مجھے دانیا کے پاس جانے دو۔

دیا چیخ کر بولی اب اگر بستر سے اٹھے تو مجھ سے بُرا کوئ نہیں ہوگا وہ یہیں ہے۔

دیا حارث کو دیکھ کر بولی لے کر آئیں آپ دانیا کو۔

حارث کبھی اُسے کبھی عامر کو دیکھتا حیران ہوتا دانیا اور شیراز کو بلانے چلاگیا۔

دیا ناراضگی بھری نظروں سے عامر کو دیکھتی ہوئ بولی ہر وقت انسانی ہمدردی میی لگے رہنا اچھی بات ہے مگر اپنی جان کی پرواہ نا کرنا عقل مندی کی نہیں بےوقوفی کی علامت ہے۔

بولتی جا رہی تھی اور عامر کے زخموں کی ڈریسنگ بھی چینج کرتی جارہی تھی۔

عامر نے اس سے پوچھا یہاں آئ کیسے ہو؟

وہ بولی مجھے تو علم بھی نہیں تھا مَلِک کا فون آیا کے سر زخمی ہیں انھیں علاج کی ضرورت ہے میں گاڑی بھیج رہا ہوں بنا کسی کو بتائے ابھی اور اسی وقت گاڑی میں بیٹھ کر سر کے پاس پہنچو۔

میں سمجھی تھی معمولی چوٹیں ہونگی جیسی ہمیشہ لگا لیتے ہو مگر اس بار ایک ساتھ اتنی گولیاں کھا کر بیٹھے ہو۔۔

غصہ بہت ہے مجھے آپ پر مگر جانے دیں۔

وہ ابھی مزید بول رہی تھی کے دانیا اور شیراز اندر آگئے۔

شیراز نے آتے ہی کہا کیسے ہو میرے دوست اور تم سے میں بہت ناراض ہوں کیا ضرورت تھی میری گولیاں اپنے سینے پر کھانے کی۔

میرے لیے اپنی جان کی بھی پرواہ نہیں کی۔

دیا نے شیراز کی بات سنی تو شاکی نظروں سے عامر کو دیکھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

عامر نے سرد سا چہرہ بنا کر منہ گھما لیا۔

Support@classicurdumaterial.com

عامر کو کچھ یاد آیا تو کہنے لگا کتنے معصوم لوگوں کی جانیں چلی گئ ہونگی یار میں کچھ بھی نہیں کرپایا۔

نہ ہی اسمتھ کو...عامر کو ہسپتال اور مسجد کا خیال آتے ہی افسوس بھرے لہجے میں سر تھام کر کہا یا اللہ اس نے مسجد اور ہسپتال میں۔۔ وہ ابھی مزید کہنے ہی والا تھا کے شیراز نے کہا۔۔

نہیں کر سکا وہ کچھ بھی ہم نے اسے مار دیا عامر نے بے یقینی سے اسے دیکھا تو شیراز نے مسکرا کر اسے کہا ایک منٹ رکو۔۔

دانیا ڈاکٹر صاحبہ کو ان کے کمرے میں چھوڑ کر آؤ۔

دیا فوراً کہنے لگی میں کہیں نہیں جاؤنگی عامر ان کو بول دیں۔ کل سے کمرے میں بند کیا ہوا ہے مجھے۔

دانیا نے کہا دیا آپ ہمارے لیے مسلہ نہ بنائیں اپنے کمرے میں چلیں۔

دانیا نے دیا کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا۔

عامر نے دانیا سے کہا چھوڑدو دانیا اسے بیٹھے دہنے دو۔

شیراز نے کہا مگر مَلِک نے کہا تھا کہ اس پر بھروسہ نا کروں۔

دیا نے کہا جب میں بھروسہ کر سکتی ہوں تو آپ لوگ کیوں نہیں میں بھی تو یہاں آئی ہوں نا؟

پھر اسنے عامر کو دیکھ کر کہا نہیں ہے بھروسہ تو بتادیں میں کمرے میں چلی جاتی ہوں۔۔

عامر نے کہا بیٹھی رہو۔

حارث عامر کو حیرت سے دیکھتا رہا بولا کچھ بھی نہیں۔

شیراز مگر خاموش نہیں بیٹھا اور پوچھنے لگا جانتے ہو اسے پہلے سے؟

عامر نے کہا ہاں جانتا ہوں اسے رہنے دو تم بتاؤ کیا کہہ رہے تھے؟

شیراز نے اسے سارا واقعہ سنادیا۔

کس طرح ان لوگوں نے اسمتھ کو مارا عامر کو نکالا اور یہاں پہنچے۔

پھر حارث اور شیراز کو دیکھ کر عامر نے کہا باہر کی کیا صورتِ حال ہے ؟

شیراز نے کہا پتا نہیں ہم نے پوچھا ہی نہیں پھر مَلِک سے

عامر نے کہا ٹھیک ہے میں دیکھ لیتا ہوں۔

پھر حارث کو دیکھ کر بولا دیا کو چھوڑ کر آجاؤ۔

اسکے گھر والے پریشان ہونگے۔

دیا فوراً بولی آج میرے گھر والوں کی فکر تمھیں کیوں ہونے لگی؟

عامر نے اسکی باتوں پر شرمندگی سے چہرہ جھکادیا۔

عامر کو شرمندہ دیکھ کر اسنے نرم لہجے میں کہا ابھی آپ کی طبیعت صحیح نہیں ہے میں ابھی نہیں جاؤں گی۔

عامر نے کہا میں ٹھیک ہوں تم اپنے گھر جاؤ ابھی معاملات بہت بگڑے ہوئے ہیں تمھاری جان کو خطرح ہو سکتا ہے گھر جاؤ۔

دیا نے ڈھٹائی سے کہا ڈاکٹر میں ہوں یا آپ؟ میں نے کہا آپ کی طبیعت ابھی صحیح نہیں ہے آپ مکمل ٹھیک ہوجائیں میں چلی جاؤنگی۔

عامر نے پھر کہا مگر دیا۔

شیراز نے کہا ٹھیک کہہ رہی ہیں ڈاکٹر دیا ابھی پہلے تم مکمل ٹھیک ہوجاؤ اسے ہم چھوڑ دینگے۔

عامر خاموش ہوگیا۔

جبکہ حارث عامر اور دیا کو خاموشی سے دیکھتا رہا۔

دیا عامر کا بہت خیال رکھتی رہی سوپ کبھی یخنی کبھی نرم کھانا اسکا پرہیزی کھانا بھی خود ہی بناتی اور بنا کر اپنے ہاتھوں سے کھلاتی رہی وقت پر میڈیسن دینا بار بار چیک اپ کرنا زخم کی ڈریسنگ کو بار بار چینج کرنا

حارث خاموش تماشائی بنا عامر کو دیا کے سامنے شرمندہ سا دیکھتا رہا اور دیا کا بار بار عامر پر دھونس جمانا زبردستی اسے کھانا اور دوائیں کھلانا عامر کی فکر دیا کے چہرے پر نظر آتی تھی۔

ان دونوں کے بیچ کیا رشتہ تھا یہ حارث بھی نہیں جانتا تھا مگر کچھ تو ضرور تھا۔

دیا اپنے کمرے میں تھی عامر بھی موبائل میں کسی کام میں مصروف تھا جب حارث نے بلآخر عامر سے پوچھ ہی لیا۔

سر ایک سوال کروں؟

عامر نے موبائل میں ہی دیکھتے ہوئے حارث کو مصروف سے انداز میں جواب دیا ہاں کرو۔۔

سر دیا کون ہے آپ اسے کیسے جانتے ہیں؟

اب کے عامر نے نگاہیں موبائل سے اٹھا کر حارث کو دیکھا اور واپس چہرہ موبائل کی جانب کر کے کہا یونہی وہ میرے لیے کام کرتی ہے جیسے تم کرتے ہو۔

عامر نے کہا وہ تو مجھے بھی سمجھ آرہا ہے کے وہ آپ کے لیے کام کرتی ہے مگر کچھ اور بھی ہے جو آپ مجھ سے چھپا رہے ہیں۔

عامر نے اب کے موبائل رکھ کر اسے دیکھا اور کہا کیا جاننا چاہ رہے ہو؟

حارث نے بھی اسی کے انداز میں جواب دیا وہی جو آپ مجھ سے چھپانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔

عامر نے کہا نہیں تمھیں غلط فہمی ہوئی ہے میں تم سے کیوں کچھ چھپاؤں گا۔

اب کے حارث اٹھ کر اسے قریب آکر بیٹھ گیا اور بولا اب بتائیں کیوں ہیں آپ اس سے اتنے شرمندہ؟

اور وہ اتنے دھونس آپ پر کیوں جما رہی ہے ہم تو کبھی یہ ہمت نہیں کر پائے۔

اور لڑکیاں تو آپ کی آواز سے ہی ڈر جاتی ہیں پھر آپ کیوں اس سے ڈر رہے ہیں؟

مجھے ریزن بتائیں ان سب کا۔

عامر حارث کے کان کھینچتے ہوئے بولا تم بہت سی آئ ڈی والوں جیسی ہرکتیں کرنے لگے ہو۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

حارث نے اپنے کان سہلاتے ہوے کہا سر میری تعاریف بعد میں کھُل کر کیجئے گا ابھی مجھے سب بتائیں شاباش آج میں اپکا دوست اور بھائ بن کر پوچھ رہا ہوں بولیں شاباش

عامر اسکو پیار سے دیکھتے ہوئے بولا تمہیں آج ہی نہیں میں ہمیشہ بھائیوں کی طرح ہی دیکھتا ہوں۔

خیر ایک دن ایک بچی کو کڈنیپنگ سے بچاتے ہوئے مجھے ٹانگ پر گولی لگ گئ تھی جب کہ بچی کو بھی ایک گولی لگی تھی۔

میں بچی کو ہسپتال نہیں لے کر جاسکتا تھا۔

اسے اپنے گھر لے گیا تھا۔

مگر اسکی حالت بگڑتی جا رہی تھی تو پاس کے اک ہسپتال سے میں ایک ڈاکٹر کو کڈنیپ کر کے لے آیا تھا وہ ڈاکٹر دیا تھی جسے میں نے بہت ڈرا کر رکھا ہوا تھا بچی کا اس نے اچھا علاج کیا۔

یہ مجھسے کہتی رہی میرے گھر میں خبر کردیں مگر میں نے سکیورٹی پرپز کی وجہ سے اسکے گھر والوں سے کچھ بھی نہیں کہا اور یہ دل لگا کر بچی کا علاج کرے اسکے لیے میں نے اس سے جھوٹ بول دیا کہ میں تمھارے گھر والوں کو بتاچکا ہوں ۔

جب بچی بلکل ٹھیک ہوگئ میں نے دیا کواسکے گھر کے دروازے پر چھوڑا اور گاڑی ریورس ہی کر رہا تھا تب میں نے دیکھا کوئ آدمی اس پر بُری طرح چیخ رہا تھا۔

میں نے گاڑی روکی اتر کر وہاں گیا تاکہ بتا سکوں کے میں اسے اپنے ساتھ لے کر گیا تھا۔

میں ابھی قریب گیا ہی تھا کہ وہ شخص اس پر ہاتھ اٹھانے لگا میں نے اسکا ہاتھ پکڑ کر کہا مار کیوں رہے ہو یہ میرے ساتھ گئ تھی بس میرا اتنا بولنا ہی تھا کہ اس شخص نے کھڑے کھڑے اسے طلاق دے دی۔

میں حیران ہی رہ گیا کے یہ کیا ہوگیا دیا بے ہوش ہوکر گر رہی تھی میں نے اسے تھاما مگر وہ شخص دروازہ اس کے منہ پر بند کر کے اندر جاچکا تھا۔

میں نے اسے اٹھایا اور واپس اپنے گھر لے آیا۔

میری سمجھ ہی نہیں آرہا تھا کہ مجھ سے ہو کیا گیا۔

میں نے اسکے بارے میں انفورمیشن نکلوائ تو یہ پاکستانی تھی اور شادی کر کے چند ماہ پہلے ہی یوکے آئ تھی۔

اور اس ہسپتال میں ڈاکٹر تھی۔

اسکا شوہر اسکا کزن بھی تھا مگر وہی روایتی جاگیردارانہ سوچ کا مالک تھا اس نے دیا کے غائب ہونے کے بعد چند گھنٹے اسے ڈھونڈا تھا جب وہ نہ ملی تو پاکستان میں اسکے ماں باپ کو فون کر کے بول دیا کہ وہ اپنے کسی یار کے ساتھ بھاگ چکی ہے اگر کبھی نظر آئ تو اس بے غیرت کو میں جان سے ماردونگا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اسے شاید مار بھی دیتا میں بیچ میں پہنچا تو اسکا شک یقین میں بدل گیا کے دیا میرے ساتھ بھاگی تھی تو بس اس نے طلاق دے دی۔

اسکے والدین بھی وڈیرے تھے ان کو بھی اسکا شوہر فون کر کے بتا چکا تھا کے دیا اپنے یار کے ساتھ گھر آئ تھی واپس میں نے اسے طلاق دے دی۔

وہ لوگ بھی اپنی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے فیصلہ کر چکے تھے کہ اگر دیا پاکستان واپس گئ تو وہ اسے غیرت کے نام پر قتل کر دینگے۔

دیا کو میں نے بہت مشکلوں سے اپنے گھر پر روکا ورنہ وہ رہنے کو تیار نہیں تھی۔

پھر جب وہ رہنے لگی تو اسنے دیکھا میں کس طرح لوگوں کی مدد کرتا ہوں۔

اکثر زخمی حالت میں گھر جاتا تو یہی میری مرہم پٹی کرتی رہی پھر اسنے اپنی جاب دوبارہ جوائین کی اور مجھے بھی کہا جب بھی میری ضرورت ہو بتا دینا میں بھی انسانیت کے لیے کام کرنا چاہتی ہوں۔

اسنے اپنی دوست کے گھر ہی ایک پورشن رینٹ پر لے لیا اور وہی رہنے لگی۔

دانیا کی تصاویریں اس نے میرے گھر میں دیکھ لی تھیں یہ جانتی ہے کہ میں دانیا میں انولوڈ ہوں۔

بس یہیں کچھ ہے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

حارث نے گہری اور پر سکون سانس کھینچتے ہوے کہا جو ہوتا ہے اچھے کے لیے ہی ہوتا ہے۔

اب باقی کا کام آپ مجھ پر چھوڑدیں۔

عامر نے کہا کونسا کام تو حارث خیالوں میں سوچتا ہوا بولا جوڑی تو واقعی کمال ہے۔

چوٹیں آپ کو کھانے کا شوق ہے اور اسے مرہم رکھنے کا۔

وہ حسین ہیں تو آپ کونسے کم ہیں ویسے بھی ہمارے گروپ کو ایک عدد ڈاکٹر کی ہی کمی تھی وہ بھی پوری ہوگئی۔

اب آپ کی کشتی پار کرواؤں تو اپنے بارے میں بھی کچھ سوچوں سب کو ہی جنگ کے دوران لائف پارٹنر مل رہے ہیں ایک میں ہی سنگل رہ جاؤنگا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ اپنا ہی اپنا بولے جارہا تھا۔

Support@classicurdumaterial.com

جب عامر نے اسکو مکا مار کر کہا کمینے اگر کوئی فضول حرکت کرنے کی کوشش بھی کی تو زندہ گاڑ دونگا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

حارث کہنے لگا بے شک گاڑ دیجیے گا کنوارے رہنے سے اچھا ہے مر جاؤں وہاں حوریں تو ملینگی۔

عامر اسکو ٹھنڈی آہیں بھرتا دیکھتے ہوئے ہنسنے لگا اور کھینچ کر اس پر پاس پڑا کشن دے مارا۔

مِلک کی کال آئ اور اسنے کہا سر □□□□جوئے" اوسٹریلیا □□□□□□□□میں ہے۔

اگلے 8 دن تک وہ وہیں رہے گا اس سے اچھا موقع اور مل نہیں سکتا اوسٹریلیا یہاں سے قریب ہے میں آپ لوگوں کے پہنچنے کا انتظام کر دونگا۔

اس دفعہ آپ لوگ سمندر کے راستے سے نہیں بائے ائیر جائیں بہت وقت لگ جائے گا سمندر کے زریعے اور اس دفعہ رِسکی سفر بھی ہو سکتا ہے کیونکہ باس کے لوگ اب سمندر میں بھی چھان بین کر رہے ہیں۔

میں پرائوٹلی جہاز کا انتظام کرواتا ہوں۔

وہ □□□□□□□□□□□میں واقع ایک ہوٹل میں رہ رہا ہے کوئ بہت بڑے بزنز کی ڈیل چل رہی ہے۔ الان کیونکہ اب رہا نہیں ہے تو باس نے جوئے کو اس ڈیلنگ کے لیے بھیجا ہے۔

مگر آپ کو ایک بات بتادوں کے باس سمجھ چکا ہے کہ آپ اسکے اہم آدمیوں کو مار رہے ہیں۔

تو اسنے سِکیورٹی آپکی سوچ سے بھی زیادہ سخت کرلی ہے

ہمارے لوگ آپ کی وہاں ہیلپ کے لیے ہونگے مگر سر پھر بھی اس دفہ بہت احتیات کیجیے گا۔

ملک سے سب پلین ڈسکس کر کے عامر نے ان سب کو اپنے پاس بلالیا اور کہا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

ہم کل میلبورین کے لیے نکل جائینگے وہاں جوئے ہے۔

کسی اہم کام سے وہاں آیا ہوا ہے۔

اسکے بعد وہ ہمیں پھر کب ملے گا یہ کہنا مشکل ہے تو بہتر ہے اس وقت سے فائدہ اٹھالیں جائے اور اسکا کام بھی ختم کردیں۔

اور اسکے بعد اٹیک کرینگے باس پر۔۔ ہر ایک جگہ سے اب بس بیٹھنا نہیں ہے اصل گیم اب سے شروع ہے تم سب تیاری کرلو ہم کل رات کے اندھیرے میں میلبورین کے لیے نکل جائینگے۔

دیا اسکا کھانا لے کر کمرے میں آہی رہی تھی عامر کی آخری بات سنتے ہی بولی آپ کہیں نہیں جا رہے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ابھی مکمل ٹھیک ہوے نہیں ہیں اور چلے ہیں نئے مشن پر۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

حارث اسکی بات سن کر مسکراتے ہوئے بولا اور نہیں تو کیا۔

آج کا دن ہے ہمارے پاس سر کو ٹھیک کرنے کا آج سر کے تمام گھاؤ بھر ہی دیتے ہیں۔

دیا حیران ہوکر بولی ایک دن میں؟ وہ بھی آج؟

حارث بولا ہاں نا آج کیا ابھی کے ابھی بھر دیتے ہیں۔۔

سب ہی حارث کی طرف حیرت سے دیکھتے ہوئے بولے وہ کس طرح؟

تو حادث شرارتی انداز میں بولا بھائی کی شادی کر کے اور کیسے؟

عامر نا سمجھی والے انداز میں بولا کیا بکواس کیے جارہے ہو میں اتنا اہم پلین ڈسکس کر رہاہوں تمھیں مستیاں سوجھ رہی ہیں۔

حارث نے کہا ارے سر زندگی بھر تو ایک کے بعد دوسرا مشن سر انجام دیتے آرہے ہیں آج زندگی کا سب سے اہم مشن بھی پورا کرلیں۔

عامر نے حارث سے کہا کھُل کر بولو کیا کہنا چاہتے ہو۔

حارث دیا کی جانب پلٹ کر بولا دیا کیا آپ میرے عامر بھائ سے شادی کرینگی؟

دیا نے پہلے حیرت سے اسے پھر عامر کو دیکھا اور نظریں نیچے جھکا کر سر ہاں میں ہلاتی اپنا چہرہ اپنے ہاتھوں سے چھپاتی اپنے کمرے کی جانب بھاگ گئ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

جبکہ عامر سکتے میں حارث کو دیکھتا رہا۔

Support@classicurdumaterial.com

حارث نے عامر کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جسے آپ چاہو اور وہ پھر بھی آپکا نہ ہوسکے تو پھر اسے اپنالو جو آپکو چاہتا ہو۔

آپ کی محبت ادھوری رہ جائے تو کسی اور کی محبت کو تو پورا ہونے دیں۔

اس کی آنکھوں میں آپکی محبت نظر آتی ہے سر۔

آپ تو محبت کو پہچاننے والے انسان ہیں پھر آپ کیوں انجان بن رہے ہیں محبت کا درد آپ سے بہتر کون جان سکتا ہے۔

اور ویسے بھی زندگی بہت کم لوگوں کو غلطیاں سدھارنے کا موقع دیتی ہے آپ کو اپنے پچھتاوے سے نکلنے کا اس سے بہترین زریعہ اور کچھ نہیں ملسکتا سر۔

اگر آپ کو لگتا ہے آپ کی وجہ سے اسکی زندگی برباد ہوئ ہے تو اسکی زندگی آباد کر دیں۔

عامر نے مزید اسے کچھ کہنے سے روکتے ہوئے سختی سے کہا بس بہت بول لیا تم نے اب بس کرو اور جاؤ مجھے اکیلا چھوڑ دو۔

حارث نے دوبارہ کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا مگر عامر کی کہر آلود نظروں کو دیکھ کر وہاں سے اٹھنے لگاتو شیراز نے اسے رُکنے کا اشارہ کیا اور دانیا سے کہا دانیا ہم سب کے لیے اچھی سی چائے بنادو۔

دانیا سمجھ گئ تھی کے ان تینو کو تنہائ چاہیے تو سر ہلاتی کمرے سے نکل گئ۔

شیراز عامر کے پاس بیٹھ گیا اور کہنے لگا۔

عامر مجھے تمھیں کچھ بتانا ہے۔

میری بات پر ناراض بھلے ہوجانا مگر مجھے غلط مت سمجھنا۔

جب میں کراچی چھوڑ کر نکل رہا تھا میں نے تب ہی فیصلہ کرلیاتھا کہ تمھارے اور دانیا کے بیچ کبھی بھی نہیں آؤنگا۔

میں نے اپنے دل کو سمجھالیاتھا۔

تم سے کیا وعدہ میں ہر حال میں نبھانا چاہتا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مگر جب دانیا نے مجھ سے نکاح کا کہا تو میں اسے انکار نہیں کرسکا۔

اسے پوری دنیا نے صرف دھوکا ہی تو دیا تھا اگر میں بھی انکار کر دیتا تو وہ پھر کبھی کسی پر بھروسہ نہیں کرتی۔

میں اسکی خوشی، اسکے مان، اسکے بھرم اور بھروسے کو جو اسنے مجھ پر کیا تھا توڑنا نہیں چاہتا تھا۔

اگر میں بھی یہ کرتا تو مجھ میں اور شعیب میں کیا فرق رہ جاتا۔

میں نے ہر چیز پست پشت ڈال کر دانیا سے نکاح کر لیا۔

ہوسکے تو مجھے معاف کر دینا۔

مگر ایک دفعہ دانیا کے بارے میں ضرور سوچنا۔

کیا وہ پھر ایک دفعہ دل اور بھروسے کا ٹوٹ جانا برداشت کر لیتی؟

اور وہ تمھیں نہیں چاہتی تھی یقین کرو اسکے دل میں تمھارے لیے زرا سی بھی گنجائش ہوتی میں اسے خود کنوینس کر لیتا مگر تم اسکے دل میں کہیں بھی نہیں تھے عامر۔

وہ شرمندگی سے سر جھکا کر اسکے سامنے بیٹھا ہوا تھا۔

عامر نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا تم مجھے کیا بتا رہے ہو میں نے دانیا کی آنکھوں میں تمھارے لیے محبت محسوس کرلی تھی۔

انسان درد اور تکلیف میں اسے ہی پکارتا ہے جو اسکے دل کے قریب ہو۔

جب دانیا نے تمھیں پکارا تو میں جان گیا تھا دانیا کے دل میں تم پوری طرح بس چکے ہو۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اور اسکے دل کو اس بار توڑنے کی مجھ میں ہمت نہیں تھی یہی وجہ تھی کہ میں نے تمھیں بلوایا۔

تم شادی خود نا کرتے تو میں تمھاری شادی خود دانیا سے کروا دیتا۔

مگر تم سے ایک گزارش ہے میرے دل کا یہ راز ہمیشہ اپنے دل میں دفن رکھنا میری محبت کی کہانی دانیا کو کبھی مت سنانا۔

اسے کبھی مت بتانا کے اس محبت کی تزلیل میں سہہ نہیں پاؤں گا۔ کبھی بھی نہیں سہہ پاؤنگا۔

وہ شیراز کے سامنے ہاتھ جوڑ کر کہنے لگا..

اس راز کو یہیں دفن کردو۔

شیراز اسکے ہاتھ تھام کر کہنے لگا آج کے بعد تم میرے منہ سے بھی کبھی نہیں سنو گے۔

مگر دیا کی محبت کو میں نے بھی محسوس کیا ہے.

وہ تم سے بہت محبت کرتی ہے عامر۔

دِیا جو عامر کے انجیشن اور دوائی کا وقت دیکھ کر اسے کھلانے ہی آئی تھی اپنا نام سن کر دروازے کے قریب ہی رک گئ۔

عامر نے کہا..

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

یار تم میری الجھی ہوئ زندگی سے واقف ہو میں شادی افورڈ نہیں کر سکتا۔

وہ سیدھی سادھی سی لڑکی ہے اور بہت ینگ بھی ہے۔

اسے تو کوئ بھی اچھا انسان مل جائے گا۔

میری تو زندگی کا بھی کوئ علم نہیں ہے۔

اور میں ایک جگہ ٹکتا ہی کہاں ہوں کبھی کہیں کبھی کہیں۔

وہ کہاں میرے ساتھ خوار ہوتی پھرے گی۔

اور حقیقت یہ بھی ہے کہ میں اب کبھی شادی کرنا بھی نہیں چاہتا۔

میں دانیا کے بنا تو جی سکتا ہوں مگر کسی اور کے ساتھ کبھی نہیں۔

دیا اسکی آخری بات سُن کر کمرے میں آئ اور عامر کے پاس کھڑی ہو کر بولی۔

میں آپ سے محبت کب مانگ رہی ہوں؟

اور اگر آپکی زندگی ٹف ہے تو میری بھی کم نہیں۔

میں بھی پیشنٹس کے لیے ہر جگہ کی خاک چھانتی ہوں۔

پھر اپنی مسکراہٹ دبا کر سیریس سا چہرہ بنا کر بولی کبھی تو کڈنیپ بھی ہوجاتی ہوں۔

میں کونسا سکون کے جھولے میں سوتی ہوں مسئلے تو میری زندگی میں بھی ہزاروں ہیں۔

جب دونوں کی ہی زندگی میں ہزار جھمیلے ہیں تو کیوں نہ مل کر ان جھمیلوں سے نکلنے کی راہیں ڈھونڈ لیں؟

نکاح کر کے بیوی بنانے کے بجائے نکاح کر کے زندگی کا ساتھی بنالیں۔
وہ ساتھی جو آپ سے حقوق نہیں مانگے گی بلکہ اپنے مسلے حل کروائے گی۔
اور اپکو تو دوسروں کے مسلے حل کرنے کا پیدائشی شوق ہے تو اس شوق کے ناتے ہی نکاح کرلیں۔

شیراز اور حارث اپنی مسکراہٹ چھپاتے ایک دوسرے کو اشارہ کر کے وہاں سے کھسک لیے تاکہ ان دونوں کو تنہائی فراہم کرسکیں جن کی ان دونوں کو فلحال شدید ضرورت تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

دیا عامر کے قریب بیٹھ کر بولی۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

نہ میں آپ سے محبت کی طلب کرونگی نہ ہی کبھی بیوی ہونے کا حق مانگونگی۔
ہاں بس انسانی ہمدردی جو آپ اکیلے کرتے پھرتے ہیں وہ آپ کے ساتھ کرونگی۔
آپ چوٹیں لگوائیے گا میں مرہم رکھوں گی۔
اس سے زیادہ آپ سے کچھ بھی نہیں چاہیے۔
نکاح کے بنا بھی میں رہنے کو تیار ہوں مگر معاشرے کا پتا ہے نا آپکو۔
ویسے بھی میں بدنام ہوں پھر تو ہمیشہ کے لیے ٹھپہ لگ جائیگا۔

تو بس ایک کاغز پر سائن ہی تو کرنا ہے۔

آپ یہ کر کے مجھ پر احسان کر دیں ویسے بھی تو سب کی مدد کرتے ہیں ایک میری بھی کردیں۔

اور ویسے بھی آپ کے حوالے سے ہی بدنام ہوئ ہوں۔

اس بدنامی کے داغ کو نکاح کے نام سے دھو ڈالیں۔

عامر نے اسے دیکھ کر کہا۔۔۔

سوچ لو دیا میری زندگی بہت مشکل ہے کیا تم سروائیو کر سکوگی؟

دیا نے کہا ہاں میں کر لونگی۔

عامر مزید بولا میں محبت اپنی روح کی گہرائ سے کر چکا ہوں۔ اور اب کہیں بھی میرے دل میں کسی اور کے لیے گنجائش نہیں بچی کیا تم عمر بھر یہ برداشت کرپاؤگی؟

دیا مسکرا کر بولی۔۔ ہاں کیوں نہیں۔

بلکہ آپ مجھ سے اپنے دل کا درد بھی بانٹ سکتے ہیں میں صرف جسم کے زخم ہی نہیں روح کے زخم بھی بھردونگی۔

اور نہ بھی بھر سکی تو اسے بانٹ کر کچھ کم تو کر ہی دونگی۔

عامر نے کہا ٹھیک ہے میں نکاح کرونگا مگر کیا تم تھوڑا انتظار کرسکتی ہو؟

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

دیا نے کہا---

ہاں میں کر لونگی انتظار جتنے سال بھی انتظار کروانا چاہیں میں تیار ہوں۔

بس مجھے یقین کا ایک سِرا تھمادیں کے جب بھی آپ کو وقت ملے گا آپ مجھ سے ہی نکاح کرینگے۔

تو میں عمر بھر آپ کا انتظار کر لونگی۔

عامر نے پھیکی سے مسکراہٹ کے ساتھ دیا کو دیکھ کر کہا--

عمر بھر کا انتظار نہیں دوں گا بس یہ مِشن مکمل کر لوں اس کے بعد اس جرائم کی دنیا سے دور نکل جاؤنگا۔ تب نکاح کرنا چاہتا ہوں۔

کیا تب تک تم انتظار کرلوگی؟

دیا اپنی آنکھوں میں آئے خوشی کےآنسو پوچھتے ہوے اقرار میں سر ہلا کر بولی--

ہاں میں آپکا انتظار کرونگی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ان لوگوں کو رات میں میلبورین کے لیے گھر سے نکلنا تھا اس سے پہلے عامر صبح میں دیا کے پاس آیا اور بولا۔۔۔

دیا اب تم اپنے گھر جاؤ میں کام ختم کر کے آجاؤنگا۔

دیا نے کہا۔۔۔

کیا میں بھی آپ لوگوں کے ساتھ چل سکتی ہوں؟

عامر نے اسے پیار سے سمجھاتے ہوے کہا۔۔۔

نہیں دیا وہاں تمھارا جانا مناسب نہیں ہے تم گھر جاؤ میں کام ختم کر کے تمھیں لینے آجاؤنگا۔

دیا نے سر ہلا کر کہا۔۔

ٹھیک ہے عامر میں آپ کا انتظار کرونگی۔

اپنا خیال رکھیے گا۔

دیا سب سے مل کر اپنا سامان اٹھائے نکلنے لگی تو عامر نے اسکے ہاتھ میں اسکی گاڑی کی چابی تھمائی۔

اور اسے گیٹ تک چھوڑنے آیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

گاڑی میں بیٹھ کر دیا نے عامر سے کہا عامر میں آپکی راہ دیکھونگی۔

آپ کی حفاظت کی دعا بھی کرونگی کام ختم ہوتے ہی مجھے لینے آجائیے گا۔

بولتے ہوئے اپنی گاڑی کی ونڈو سے ہاتھ نکال کر عامر کی جانب بڑھادیا۔

عامر نے اسکا ہاتھ تھام کر کہا۔

میں آجاؤنگا، تم اپنا خیال رکھنا اور دیھان سے گھر جانا

اللہ حافظ۔

Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

رات ہوتے ہی یہ لوگ مَلِک کی بتائی گئی جگہ پر پہنچ گئے۔

ابھی وہاں کوئی بھی نہیں تھا۔

یہ ایک سنسان سا کھُلا ہوا میدان تھا۔

یہ چاروں وہاں پر انتظار کرنے لگے۔ تھوڑی ہی دیر میں ایک پرائیوٹ جیٹ آگیا۔

اور یہ لوگ اس میں بیٹھ کر وہاں سے نکل گئے۔

میلبورین پہنچ کر ان لوگوں نے مَلِک کے بتائے ایڈریس میں اسٹے کیا۔

فریش ہوکر جب وہ چاروں بیٹھے تو عامر موبائل میں میپ کھولے ان سب کے پاس بیٹھ گیا اور کہنے لگا۔

یہ ہے جوئے کے سارے دن کی روٹین۔

صبح 8 بجے گولف کلب جاتا ہے اس کے بعد 11 بجے کل اسکی میٹنگ ہے اس ہوٹل میں شام 7 بجے وہ کلب جائیگا۔ اور رات میں اس ہوٹل میں اسٹے کریگا۔

اب ہمارے پاس 4 پلین ہیں پہلے ہم گولف کلب میں اسے مارنے کی کوشش کرینگے۔

وہاں اچھی بات یہ ہے سکیورٹی کم ہوگی۔

جبکہ میٹنگ میں ایک تو جوئے کی اپنی سکیورٹی بھی ہوٹل کی سکیورٹی۔

کلب کا بھی یہی سین ہے اور پھر رات آتی ہے اسکے ہوٹل کی جہاں اسکا قیام ہے وہاں بھی مارنا آسان نہیں ہوگا مگر ہر جگہ میری ٹیم موجود ہے۔

پہلے ہی سے پھیلی ہوئی ہے ہم ایک جگہ نہ کر سکے تو دوسری جگہ ٹرائے کرینگے۔

مگر ایک بات کا دیھان رکھنا گولی وہیں چلانا جہاں اسکو مارنے کا پکا امکان ہو ورنہ گولی چلانے کے بعد سکیورٹی مزید ہائے ایلرٹ ہوجائیگی پھر مارنا ناممکن ہوجائیگا۔

تو گولی تب ہی گن سے نکلے گی جب اسکو مارنے کا سو فیصد یقین ہو۔

جس کو آسانی سے موقع ملا وہ گولی چلادے گا۔

اور گولی کے نکلتے ہی بنا کچھ دیکھے بنا کچھ سوچے بس بھاگنا ہے۔

وہاں صبح گولف کلب کے چاروں گیٹ کے پاس میرے بندوں کی گاڑی موجود ہوگی جس کو جہاں جگہ ملے وہ وہاں بیٹھ کر بھاگ جائے۔

واپسی ہم یہیں ملینگے۔

اور اگر پلین فیل ہوجاتا ہے تو پھر پلین □□پر کام کرنے کے لیے ہمارے پاس وقت ہوگا تو ہم پھر وہ ڈسائڈ کر لینگے۔

دانیا تم ایک رئیس زادی بن کر جاؤگی اور گولف کی شوقین کی طرح پیش آؤگی۔

تم کلب میں ایک گولف پلیئر کی حیثیت سے جاؤگی۔

تمھیں اینٹری پاس صبح میں دے دونگا۔

اور شیراز تم اسکے ہیلپر ہوگے اسکے اکویپمنٹ تم سمبھالوگے۔

دانیا تم ایک □□□□□پلیئر بن کر کھیلوگی جب تم اسٹارٹ کروگی تو جوئے تمھارا گیم دیکھ کر تمھیں خود جوائن کرلے گا۔

تمھیں است متاثر کرنا ہے اپنے گیم سے۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicUrduMaterial/

حارث تم وہاں کاؤنٹر بوائے بن کر جاؤگے سارے انتظام ہوے وے ہیں صبح کی ڈیوٹی تم دوگے جبکہ مجھے جوئے بہت اچھے سے جانتا ہے تو میں دانیا کا باڈی گارڈ بن کر جاؤنگا میں اندر بعد میں آؤنگا۔

باقی اللہ مالک ہے۔

آل دا بیسٹ۔

🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼🌼

یہ لوگ اپنا ہلیہ بدل کر گولف کلب کے علاقے میں صبح ہی پہنچ گئے تھے۔

حارث اپنی ڈیوٹی دینے اندر پہنچ چکا تھا اور اندر پہنچتے ہی عامر کے آدمی نے اسکو گن دے دی تھی۔

باقی یہ تینوں جوئے کا انتظار کرنے لگے

ٹھیک 8 بجے بہت زیادہ سکیورٹی کے ساتھ جوئے اندر جاچکا تھا۔

ٹھیک 20 منٹ بعد عامر نے دانیا اور شیراز کو اشارہ کیا وہ تینوں بھی امپورٹڈ کار میں بیٹھ کر کلب کے اندر چلے گئے۔

عامر پارکنگ میں ہی رک گیا۔

دانیا اور شیراز میچ کھیلنے گراؤنڈ میں اتر چکے تھے دانیا نے جوئے سے کچھ ہی فاصلے میں اپنے اکیمپنٹ سیٹ کیے۔

پہلے ہی راؤنڈ میں اسنے 3 ہول سلیکٹ کیے اور بولنگ اسٹارٹ کردی۔

نشانے کی تو وہ ویسے بھی پکی تھی پہلی ہی باری میں اسکی بول ہول کے اندر تھی۔

اگلے راؤنڈ میں اسنے 2 ہول سیلیکٹ کیے اور بولنگ اسٹارٹ کی وہ بھی ڈائریکٹ ہول میں گئ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بول کے ہول میں جاتے ہی جوئے نے بھرپور انداز میں تالیاں بجائی۔

اور دانیا کے قریب آکر بولا ویری امپریسوکیا میں بھی آپکو جوائن کر سکتا ہوں؟

دانیا نے کندھے اچکا کر کہا شیور کیوں نہیں۔

اگلی دفعہ پھر ہول سلیکٹ کرتے ہوے دانیا نے بول ہول میں ڈالا۔

تو جوئے نے کہا لگتا ہے بہت بہترین کھلاڑی ہیں آپ کب سے کھیل رہی ہیں؟

دانیا نے کہا بچپن سے۔

وہ سراہتے ہوئے کہنے لگا مجھے جوئے کہتے ہیں اور آپ؟

دانیا نے کہا میں ایلش ہوں میرا تعلق انگلینڈ سے ہے۔

یہاں گھومنے آئ ہوی ہوں گولف میری کمزوری ہے میں چھوڑ نہیں سکتی مجھے گولف گراؤنڈ ملا تو یہاں آگئ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جوئے مسکراتا ہوا کہنے لگا کوفی پیئنگی؟

دانیا نے کہا ہاں کیوں نہیں موسم بھی اچھا ہے یہیں منگوا لیتے ہیں۔

وہ دور ایک بینچ کی طرف اشارہ کرتی ہوئ بولی وہاں چلیں۔

وہ سر ہلا کر بولا کسی کافی شاپ میں کیوں نہیں دانیا نے کہا میں کافی کھُلی ہوئ فضا میں انجوائے کرنے کی شوقین ہوں آپ کو نہیں پسند تو رہنے دیں۔

وہ فوراً بولا ارے نہیں ساتھ پیتے ہیں وہ دونوں جانے لگے تو جوئے کے بوڈی گارڈز بھی ان کے ساتھ چلنے لگے ۔

دانیا نے رک کر کہا اتنے لوگوں کے ساتھ آپ مجھے کوفی کی دعوت دے رہے ہیں کمال ہے میں لڑکی ہوکر اکیلی آپ کے ساتھ گھوم رہی ہوں اور آپ کو سکیورٹی درکار ہے۔

اتنا ڈرینگے تو گولف کیا خاک کھیلنگے۔

وہ ہنسنے لگا۔

ارے نہیں وہ پلٹ کر اپنے باڈی گارڈز کو رکنے کا اشارہ کرتا دانیا کے ساتھ چلنے لگا۔

چلتے ہوے وہ دانیا سے مختلف سوال کرتا رہا دانیا بھی اسکی پسند کا جواب دیتی رہی وہ دونوں ایک بینچ پر بیٹھ گئے۔

ویٹر کافی سرف کرنے آیا تو دانیا کو اشارے سے اپنی پینٹ کی جیب کی جانب اشارہ کرتا کافی پیش کرنے لگا۔ دانیا نے اسکی پوکٹ سے گن نکالتے ہی لوڈ کیا اور بنا رکے اسکے سر پر فائر کرتی بھاگ نکلی۔

شیراز پہلے ہی دانیا جب جوئے کے ساتھ جا رہی تھی وہ سامان سمیٹ کر گیٹ کی جانب بڑھ چکا تھا۔

عامر جوکہ گاڑی میں ہی موجود تھا فائر کی آواز سنتے ہی گاڑی نکالتا باہر آگیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

شیراز بھاگ کر عامر کی گاڑی میں بیٹھ گیا دانیا دوسرے گیٹ سے نکلی بہت لوگوں نے اسکو مارنا چاہا گیٹ کیپر کو بھی دانیا نے دور سے ہی گولی مار دی تھی جوئے کے گارڈز پیچھے سے اس پر فائر کرنے کی کوشش کرتے رہے مگر وہ بچتی بچاتی بھاگتی ہوئ گیٹ کے سامنے کھڑی گاڑی میں بیٹھ چکی تھی۔

اسکے بیٹھتے ہی گاڑی اسٹارٹ ہوگئ۔

وہ تینوں اپنے ہوٹل میں پہنچ چکے تھے مگر حارث اب تک نہیں آیا تھا۔

بہت دیر انتظار کے بعد حارث نے عامر کو 3 بیپ دی اس کا مطلب تھا وہ پھنس چکا ہے۔

اب تینوں ہی بہت پریشانی میں گھرے سوچ رہے تھے کہ اب کیا کیا جائے۔

حارث کو نکالنے کا طریقہ سمجھ نہیں آرہا تھا۔

شیراز نے پریشانی کے عالم میں کہا۔

"یار حارث اگر باس کے ہاتھ لگ گیا تو وہ اسے چھوڑے گا نہیں"۔

عامر نے بھی بے چینی سے پہلو بدل کر کہا۔

اللہ بہتر کرے گا۔

دانیا نے فوراً کہا "اللہ بھی تب ہی بہتر کرے گا جب ہم حارث کو بچانے کے لیے نکلیں گے"۔

ہم یہاں وقت ذایع کر کے کیوں اسکی موت کی خبر کا انتظار کر رہے ہیں۔

وہ بتا تو چکا ہے کہ وہ پھنس گیا ہے۔

اور یہ تو ہم بھی جانتے ہیں اسکو پکڑتے ہی تمغع لینے کے لیے اسکے بندے حارث کو پہلی فرصت میں باس کے پاس لے کر جائنگے۔

ہمیں اُن کو راستے میں ہی پکڑلینا چاہیے۔

جوئے تو اب رہا نہیں اسکے گارڈز ہی ہوں گے اُن سے چھڑانا اتنا مشکل بھی نہیں ہوگا ہمارے لیے۔

عامر کے ذہن میں اُمید کی کرن جاگی اسنے دانیا کی بات سنتے ہی مَلِک کو کال ملا کر کہا مجھے حارث کی گھڑی کی صحیح لوکیشن بتاؤ وہ اس وقت کہاں ہے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جیسے ہی مَلِک نے لکیشن بھیجی یہ تینوں بھاگ کر حارث کو بچانے نکل گئے۔

اُسکی بتائے ہوئے پتے پر پہنچے تو وہ ایک بہت بوسیدہ سی عمارت تھی۔

عامر نے دونوں سے کہا ہمیں چاروں جانب سے گھیر کر اٹیک کرنا چاہیے۔ ورنہ وہ لوگ بھاگ سکتے ہیں۔

دانیا تم پیچھے سے اندر جاؤ اور شیراز تم پائپ کے راستے سے اُپر کی منزل پر چڑھو میں سامنے سے اندر جاتا ہوں۔

ان کو گھیر کر رکھینگے کوئ ایک بھی یہاں سے زندہ بچ کے بھاگنے نہ پائے۔

گن لوڈ کر کے تینوں ہی دبے پاؤں ایک ساتھ مختلف جگاؤں سے اندر گھُس گئے۔

شیراز نے اوپر کا ایک ایک کمرہ ،باتھ روم، ٹیرس ہتاکہ اوپر کا پورا فلور چھان مارا مگر وہاں کوئ بھی وہاں نہ تھا۔

نیچے اُترا تو دانیا بھی لوگوں کو تلاش کر رہی تھی شیراز کو دیکھتے ہی کہنے لگی یہاں تو کوئ بھی نہیں ہے۔

عامر بھی اُن تک پہنچا تو کہنے لگا۔

یار کوئ بھی نہیں ہے لوکیشن تو یہیں کی آرہی ہے پھر حارث کہاں ہے؟

دانیا نے کہا ہم ایک دفع اور پورا گھر چھان لیتے ہیں ہوسکتا ہے یہیں کہیں ہوں اور ہماری آہٹ سے چھپ گئے ہوں یا ہوسکتا ہے اوپر چھت پر ہوں۔

شیراز نے کہا میں نے اوپر کا پورا فلور تو دیکھ لیا ہاں مگر چھت نہیں دیکھی چلو اوپر بھی دیکھ لیتے ہیں ابھی یہ لوگ آگے بڑھے ہی تھے۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عامر نے چلتے ہوئے موبائل پر ملِک کا نمبر ملِا کر فون کان سے لگایا تعکہ ایک دفعہ اور لوکیشن معلوم کر سکے۔

جب اچانک شیراز کے قدم ڈگمگائے۔

وہ زمین پر بیٹھتا چلا گیا۔

دانیا اور عامر نے ایک ساتھ پہلے اُسے حیرت سے دیکھا پھر اسکی نظروں کی سِمت دیکھ کر دونوں ہی اپنی اپنی جگہ سانس روکے دُکھ اور ازیت میں گھرے اپنی جگہ جم سے گئے۔

زمین پر حارث کے خون میں ڈوبے کپڑے اور گھڑی پڑی ہوئ تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/

Support@classicurdumaterial.com

اسکے کپڑے دیکھتے ہی شیراز بے جان ہوتے وجود کے ساتھ کپڑوں کو اٹھا کر سینے سے لگا کر رونے لگا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عامر کے کانوں میں ہنستی مسکراتی زندگی سے بھر پور شرارتوں میں ڈوبی حارث کی آواز گونج رہی تھی۔

"سر اِس سے اچھا تو میں شہید ہی ہوجاؤں یہاں تو کوئ ملتی نہیں وہاں کم سے کم حوریں تو ملیں گی۔"

عامر کی آنکھوں سے قطرہ قطرہ آنسو بہنے لگے۔

تینوں خود کو سمبھال نہیں پارہے تھے۔
کمرے میں گہری خاموشی چھائ ہوئ تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/

اتنے میں دانیا کی آواز خاموشی کو توڑتے ہوئے گونجی۔۔۔

Support@classicurdumaterial.com

یہ بقاء کی جنگ اتنی مہنگی پڑ جائےگی مجھے گُمان نہیں تھا میں نے ہمشہ خود کو موت کے لیے تیار پایا. مگر اس جنگ میں اپنے بھائ جیسے دوست کو کھو دوں گی اس کا میں نے تصور بھی نہیں کیا تھا۔

بس بہت ہوگیا میں اب آپ لوگوں کی جانوں کے ساتھ نہیں کھیل سکتی یہ جنگ میری اور میری ماں کی ہے۔

میں اکیلے لڑ لوں گی میں تنہا لڑلوں گی۔

میرے پیچھے رونے والا کوئ بھی نہیں میں مر بھی گئ تو کچھ نہیں ہوگا مگر آپ لوگوں کی جانیں بہت قیمتی ہیں۔

آپ لوگ پلیز لوٹ جائیں۔

میں اپنی جان تو دے سکتی ہوں مگر اپنے لیے آپ لوگوں کی قربانی میں سہہ نہیں پاؤنگی۔

میں حارث کے بعد اب آپ دونوں میں سے کسی کو بھی کھونے کا تصور بھی نہیں کرنا چاہتی۔

حارث میرے لیے انجان ہی تو تھا۔ کچھ دنوں پہلے ہی تو ملا تھا مجھے۔ مگر دیکھو مجھے کیا کچھ سکھا گیا۔

ان چند دنوں میں اس نے مجھے بتادیا کہ اگر انسان کے اندر انسانی حمدردی کا جزبہ ہو تو اسکے لیے رشتے معنی نہیں رکھتے۔ بنا کسی رشتے کے بھی انسان دوسرے کی مدد کر سکتا ہے۔ اس بے چارے کا نہ اس لڑائ سے کوئ تعلق تھا نہ اس میں اسکا کوئ مفاد تھا۔

دیکھو ایک یہ اجنبی تھا جس نے میرے لیے، مجھے انصاف دلوانے کے لیے، جس نے میری عزت کا غرور بچانے کے لیے۔ اک بے غیرت کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کے لیے اپنی جان دے دی۔

دیکھو وہ مجھے بتا گیا رشتے اگر خونی بھی ہوں مگر ان میں احساس نہ ہو تو وہ رشتے کسی کام کے نہیں ہوتے۔ جیسا کہ میرا باپ تھا۔ اُس میں احساس نہیں صرف مطلب پرستی بھری ہوئ تھی دوسرے کا دُکھ اُسے دُکھ نہیں لگتا تھا۔

جب کہ اگر احساس کا جزبہ انسان میں ہو تو غیر بھی دلوں میں گھر کر لیتے ہیں۔ایک اجنبی بھی دوسرے کی مدد کرنے کے لیے اپنی جان قربان کردیتا ہے۔

یہی تو فرق ہے انسان میں اور جانور میں۔

میرا باپ انسان کے روپ میں جنگلی جانور تھا جو اپنی بھوک مٹانے کے لیے کسی کو بھی چیر پھاڑ دیتا تھا چاہے اس کی سگی اولاد ہی کیوں نہ ہو، اسکا سگا باپ ہی کیوں نہ ہو۔

https://www.classicurdumaterial.com/

Support@classicurdumaterial.com

اور دیکھو حارث کو اس نے اجنبی ہو کر بھی میری جنگ میں خود کی پروا ہی نہیں کی اور۔۔۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ بولتے بولتے سِسک پڑی۔

پھر آنسو پوچھتے ہوئے بولی میں اب آپ لوگوں کو نہیں کھونا چاہتی میں فیصلہ کر چکی ہوں یہ جنگ میری ہے اور میں اکیلی لڑوں گی۔ آپ لوگ لوٹ جائیں کہ اب مجھ سے کھو دینے کا دکھ برداشت نہیں ہوگا۔

شیراز ابھی دانیا کو ٹوکنے کے لیے منہ کھول ہی رہا تھا مگر اس سے پہلے عامر بول پڑا "تو کیا یہ جنگ صرف تمھاری ہے دانیا؟"

"کیا باس نے تمھاری ہی فیملی کو ختم کیا؟؟

کیا صرف تمھاری ہی زندگی برباد ہوئ؟

نہیں دانی اس نے میری اور میرے خاندان کی زندگی بھی ختم کردی اور صرف میں اور تم ہی کیوں یہاں تو لاکھوں لوگوں کی زندگیاں برباد ہوئ ہیں اور ابھی لاکھوں زندگیاں برباد ہونے جا رہی ہیں۔ یہاں صرف میری اور تمھاری بات نہیں ہے۔ یہاں صرف میری یا شیراز کی جان کا سوال نہیں ہے یہاں تو لاھوں زندگیوں کی جانوں کا سوال ہے۔

نہیں دانیا یہ صرف تمھارے لیے لڑی جانے والی جنگ نہیں یہ تو ہر معصوم لوگوں کے لیے کی جانے والی جنگ ہے جو نا جانے کتنے ہی سالوں سے ایک قیدی کی ذندگی گزار رہے ہیں۔

یہ جنگ تو اُن ماؤں، بھنوں، بچیوں کو بچانے کی جنگ ہے جن کی ہر روز عصمتیں پامال کی جاتی ہیں۔

یہ جنگ تو دنیا کو باس جیسے فرعون سے بچانے کی جنگ ہے۔

یہ جنگ تو فرعون نُما انسان کو حالاک کرنے کی جنگ ہے۔

اور صرف تم ہی نہیں میں ، اور میری ٹیم بھی ہم سب ہی اس راہ میں یہ طے کر کے آئے ہیں کہ اب چاہے جان بھی چلی جائے اس دنیا کو باس جیسے جابر انسان سے آزاد کروا کر ہی دم لینگے بھلے اس کے لیے ہماری جان ہی کیوں نہ چلی جائے۔

آج حارث گیا ہے کل میں بھی جا سکتا ہوں۔ موت ہوگی تو ویسے بھی مر ہی جانا ہے۔

موت تو برحق ہے آج نہیں تو کل آنی ہی ہے کسی بھی بہانے سے ہی سہی۔

تو پھر کیوں نہ میں موت کے بجائے شہیدوں میں نام لکھوا لوں۔

اور حارث کی جان اتنی سَستی نہیں تھی کہ اسکے دشمنوں کو میں بیچ میدان میں چھوڑ کر بھاگ جاؤں۔

https://www.classicurdumaterial.com/

بلکہ اب تو میرے اندر بدلے کی آگ مزید بڑھ گئی ہے۔

Support@classicurdumaterial.com

حارث کی قربانی میں کبھی بھی رایئگاں نہیں جانے دوں گا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

شیراز بھی کہنے لگا میں بھی گھر سے نکلتے ہوئے یہ ٹھان کے نکلا تھا کہ اب نئ زندگی ملے یا موت آجائے۔

میں دنیا کو اس فرعونی باس سے نجات دلوا کر ہی دم لونگا۔

میں گھر سے نکلتے ہوئے اپنے خاندان کو ہر رشتے کو وہیں چھوڑ کر آیا ہوں۔ اور جان دینے ہی آیا ہوں۔ میں جنگ ہارنے نہیں جیتنے آیا ہوں۔ اسکے پیچھے میری جان بھی چلی جائے مجھے پروا نہیں۔

ابھی شیراز مزید بول ہی رہا تھا کہ عامر کے موبائل پر مِلک کی کال آگئ۔

عامر نے فون کان سے لگایا تو دوسری جانب سے مِلک کی آواز گونجی۔۔

"سر حارث باس کے پاس ہے"۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial

عامر کی جیسے جان میں جان آئ۔

خوشی سے اسکی آنکھ سے تشکر بھرے آنسو بہنے لگے۔

مِلک نے مزید کہا۔۔

"ابھی ابھی باس کا پیغام سُنا ہے باس نے سِسٹم کے زریعے ہر طرف یہ پیغام دے دیا ہے کہ دانیا اور عامر اگر حارث کی زندگی چاہتے ہیں تو خود کو میرے حوالے کردیں اسنے آپ لوگوں کو صرف 24 گھنٹے کا ٹائم دیا ہے۔"

یہ تینوں ہوٹل کے کمرے میں موجود تھے۔۔

اور سمجھ نہیں پا رہے تھے کہ آگے کیا کرنا ہے۔

اتنے میں دانیا کی آواز اُبھری۔

اسنے عامر اور شیراز کی طرف دیکھتے ہوئے فیصلہ کُن انداز میں کہا۔

"میں اب مزید وقت برباد نہیں کر سکتی یہاں بیٹھ کر۔

میں حارث کو بچانے جا رہی ہوں مجھے اب چھُپ کر نہیں کھیلنا میں اب کھل کر جنگ لڑنا چاہتی ہوں۔ چھپن چھپائ والا کھیل بہت کھیل لیا۔ جب باس جانتا ہی ہے کہ یہ سب ہم کر رہے تو اب یہ چوہے بلی والا کھیل بند کر کے میں سامنے سے رو برو اس سے لڑنے جا رہی ہون۔ میں حارث کو کسی بھی قیمت پر وہاں سے نکالنا چاہتی ہوں۔

عامر نے بھی کہا "ہاں اب چھُپ کر نہیں اب کھُل کر جنگ کرنے کا وقت ہے"۔ مگر جزباتی ہوکر نہیں ہمیں ہوش و ہواس میں رہ کر کھیلنا ہے کہ وہ تعداد میں بہت ذیادہ اور ہم بہت کم ہیں۔ ہم حارث کو بچائینگے بھی تب ہی جب ہم خود زندہ بچینگے۔

اتنے میں دروازے پر بیل ہوئ۔

ان تینوں نے ایک دوسرے کو دیکھا اور اٹھ کھڑے ہوئے

ان تینوں نے ہی گنز نکالی اور لوڈ کر کے تان کر کمرے کے روازے کی جانب کھڑے ہوگئے۔

جب دس منٹ تک مسلسل بیل بجتی رہی تو عامر نے دانیا سے کہا میں یہاں سے سمجھالوں گا

تم ٹیرس کے زریعے یہاں سے نکلو۔ اور باہر سے ان کو گھیرو۔

دانیا سر ہلاتی ہوئ ٹیرس کی جانب بڑھنے لگی ہی تھی کہ عامر کا موبائل بج اُٹھا۔

مِلک کی کال تھی۔

ہیلو سر۔۔

ہاں بولو عامر نے اُجلت میں کہا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

سر دروازہ تو کھول دیں میں کب سے باہر کھڑا ہوں۔

Support@classicurdumaterial.com

اسکی بات سنتے ہی عامر نے دانیا کو روکا اور جا کر دروازہ کھول دیا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ملک کو دیکھتے ہی عامر نے سوال کیا

"تم یہاں کیوں آگئے ؟"

کیا مطلب ہے کہ میں یہاں کیوں آگیا؟

ملک نے بھی عامر والے ہی انداز میں جواب دیا۔

میں آپ لوگوں کا ساتھ دینے آیا ہوں اور کیوں آوں گا۔

''مگر ملک ابھی سیچویشن بہت بگڑی ہوئ ہے''۔ عامر نے اسے سمجھانا چاہا۔

جانتا ہوں سر تبھی میں آیا ہوں کے اب موبائل پر نہیں خود جا کر لڑنا پڑے گا آپ کا ساتھ دینے کے لیے میدان میں اترنا ہی پڑے گا یہ اب موبائل میں چھپ کر لڑنے والی جنگ نہیں رہی۔ اب تو میدان میں اتر کر لڑنے والی جنگ بن گئ یے یہ

https://www.classicurdumaterial.com/

مگر مَلِک تمھاری جان کو خطرح ہے۔

Support@classicurdumaterial.com

عامر نے پھر بھی ایک دفہ اور اسے سمجھانے کی کوشش کی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

